نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ ستمبر ۲۰۱۸ء

قیمت :- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

محرم الحرام

نفل نماز، روزہ اور وظائف

دعائے قنوت

مجاہدات و ریاضات

قرآن عطار دو مشتری

برنی
روزانہ کواکبی گائیڈ
2019
ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی مخصوص
سرگرمیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں
اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر
صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تا کہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا
سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری
کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر
میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین،
گفت و شنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب
طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس
دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں
کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و
استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔
۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں
قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=- /۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944
اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰
اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں
آپنا آڈر آج ہی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ہیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء
بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

منیجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:-/ ۶۵ روپے سالانہ چندہ:-/ ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:-/ ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:-/ ۴۰۰ روپے
غیر ممالک ایئر میل: ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:-/ ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :-/ ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۶
شمارہ نمبر ۵
ماہ ستمبر ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر
فون نمبر: 021-34949944
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	اسرار الٰہی	۳
۲	محرم الحرام	۵
۳	مجاہدات وریاضات	۶
۴	جاگتے ذھن کی قوت اور کامیابی	۷
۵	ارشادات نبوی ﷺ	۸
۶	اسرار الحروف	۹
۷	تعبیر اولیاء	۱۰
۸	دعائے قنوت	۱۱
۹	نظرات قمر و شمس	۱۲
۱۰	قران عطارد و مشتری	۱۳
۱۱	انسانی صحت اور وٹامن سی	۱۵
۱۲	مجربات سنوسی	۱۷
۱۳	سورہ اور ان کے فضائل	۱۸
۱۴	کلینڈر ماہ ستمبر	۱۹
۱۵	کیا آپ کا برج سنبلہ ہے؟	۲۰
۱۶	تسدیس شمس و زحل	۲۲
۱۷	عمل دفع درد	۲۲
۱۸	ماہ ستمبر کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۹	ماہ ستمبر کے ستارے	۳۴
۲۰	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۲۱	علم النفس	۳۹

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا، ابراہیم مارکیٹ، پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیاردیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزدُبر بیجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ ستمبر ۲۰۱۸ء

اسرار الھی

یہ جلال کے زلزلے حقیقت نا آشنا لوگوں کی سرزمین میں اس سے بڑھ کر اثر انگیز ہوتے ہیں- جو بخارات سے نمناک ارض رگوں میں اضطراب سے پیدا ہوتا ہے جب کہ تقدیر کا ہانکنے والا ان کو ان کی مزاج وطبیعت کے ٹکراؤ کے ساتھ مانگتا ہے- تا کہ کچھ لوگ کو خوف زدہ کرے اور کچھ دوسرے اس کی قدرت سے عبرت حاصل کریں- البتہ جلال والے جامع نیابت والے ہیں ابھی وہ حالت سکون میں ہوتے ہیں کہ دست قدرت انہیں حرکت میں لاتا ہے تو وہ حرکت میں آجاتے ہیں چنانچہ اہل حجاب کے دلوں کو دیکھو گے کہ وہ کانپ اٹھتے ہیں ان کے اس جلال کے زبردست اثر سے جو ان کے دلوں کو متاثر کرتا ہے اور وہ جلال حالات کی تبدیلی کا کام انجام دیتا ہے-

فاعتبروا یا اولی الابصار (سورہ حشر ۲) اے اہل بصیرت عبرت حاصل کرو-

اللہ تعالیٰ بعض زمانوں میں مخلوق کے معنوی کے ہیکل سے بشری مناسبت سلب کر لیتا ہے- لہذا مظلوم اپنے ظالم کی شکایت کرتا ہے اور اس کو نگاہیں دیکھتی ہیں لیکن اس کی اس حالت سے غافل لاپرواہ ہوتے ہیں- لہذا انسان میں شفقت اور نرمی و ہمدردی کا جذبہ پیدا نہیں ہوتا گویا کہ وہ گونگے جمادات ہوں- اسی طرح ان زمانوں میں بھوکے مصیبت زدہ اور اجنبی و بے وطن لوگوں کی حالت ہوتی ہے- قدرت اللہ کے غیبی رزاوں کے ظہور کا فیصلہ کرتی ہے- جس میں اللہ کی حکمتیں پوشیدہ ہوتی ہیں- اللہ جو چاہے فیصلہ کرتا ہے اور جو چاہے کرتا ہے اور بعض زمانوں میں اللہ بشری مناسبات کی قدرت عطا کرتا ہے- چنانچہ نوع کا دل نوع کے لئے نرم ہوتا ہے اور باہم شفقت تعاون اور محبت کا جذبہ ہوتا ہے اور اس خدائی عطیہ کا نتیجہ زمانہ اور اہل زمانہ کی حالت کی بہتری ہوتا ہے- ربنا لا تزغ قلوبنا بعداز ہدیتنا و ھب لنا من لدنك رحمة انك انت الوہاب (سورۃ آل عمران ۸) اور ہمارے پروردگار ہمارے دلوں کو بعد ہماری ہدایت کے کج مت کر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر بے شک تو ہی دینے والا ہے) ہم نے روح فروخت کر دی اور معاملہ منظور ہو گیا اور تقدیر پر اتار دی گئی اور ہم جلد ہی اللہ کے سامنے گذریں گے- میری ہمت میرے نفس سے میری روح کے سامنے کہتی ہے- فان عبرت و انت سلیم قلب من الدنیا فتھنئك السلامة (اگر تو اس حال میں گذر جائے کہ تیرا دل دنیا کی (آلائشوں سے پاک ومحفوظ ہو تو تجھے سلامتی مبارک ہو)

اس وقت مجھ سے سرگوشی کرنے والا اس عون سرمدی کے برج کی چوٹی سے کہتا ہے- الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون (سورۂ یونس ۶۲) سنو کہ اللہ کے دوستوں کو کچھ خوف نہیں اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے- چنانچہ وہ میدان امن میں امید کی باگ پکڑ لیتا ہے لرزان وترساں زبان تضرع سے تلاوت کرتے ہوئے سلطان قدرت کے روبرو سر جھکا کر فلا یأ من مکر اللہ الا القوم الخاسرون (سورہ الاعراف ۹۹) اللہ کے مکر تدبر سے صرف خسارہ زدہ لوگ ہی مطمئن ہوتے ہیں) کہتا ہے اور اس کے بعد قطع تعلق آہ وبکا کا ظہور ہوتا ہے- جس سے ساری انسانیت دہل جاتی ہے اور یہ قطع تعلق کا اثر اس پر واقع ہوتا ہے تو ہمارے ساتھ مذکور آہوں کے گرفتار اہل قیود کہتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو اس سے کتنا ڈرے- کتنا اس کا ذکر کیا- کتنی اس کی طرف رہنمائی کی- کتنا اس سے قریب ہوئے- چنانچہ سلطان غیرت پکارتا ہے- ان الذین سبقت لھم منا الحسنی اولئك عنھا مبعدون (سورہ انبیاء ۱۰۱) لا یسمعون حسیسھا وھم فی ما اشتھت انفسھم خالدون (سورہ انبیاء ۱۰۴) لا یحزنھم الفزع الاکبر و تتلقا ھم الملائکة ہذا یومکم الذی کنتم توعدون (سورہ انبیاء ۱۰۳) بے شک جن کے حق میں بھلائی اور بہتری ہماری طرف سے مقدر ہو چکی وہ اس سے دور کر دیئے گئے- وہ اس کی معمولی آواز بھی نہیں سنیں گے اور اپنی من پسند چیزوں میں ہمیشہ رہیں گے ان کو زبردست گھبراہٹ رنجور نہیں کرے گی اور فرشتے ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے- (یہ کہتے ہوئے) یہ وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا)-

لـــوح زحـــل

استحکام وجمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب وآلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط بر خلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ بر مخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جاسکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جاسکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کر دیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

محرم الحرام

نفل نماز، روزہ اور وظائف

جب چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامَۃِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ ط

سرور کائنات ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ محرم الحرام بہت ہی بابرکت مہینہ ہے اور شب عاشورہ نیز یوم عاشورہ کی عبادت کے بے حد فضائل ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ محرم کا چاند دیکھ کر چار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنا بہت افضل ہے۔

اول شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کی برکت سے روز حشر اللہ پاک اس نماز پڑھنے والے اور اس کے گھر والوں کی شفاعت فرمائے گا۔

اول شب بعد نماز عشاء ماہ محرم چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور سورۂ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ پھر بعد سلام کے یہ دعا گیارہ مرتبہ پڑھے۔

سُبْحٰنَ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَتِہٖ وَالرُّوْحِ ط

اس نماز کے پڑھنے سے بے شمار عبادات کا ثواب درگاہ رب العزت سے عطا کیا جائے گا۔

محرم کی پہلی شب سے شب عاشورہ تک روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ کلمہ توحید پڑھنا واسطے بخشش گناہ بہت افضل ہے۔

پہلی شب محرم الحرام سے شب عاشورہ تک بعد نماز عشاء اول آخر معہ درود شریف کے ایک سو دفعہ یہ دعا بھی پڑھنی افضل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ لِمَا قَضَیْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ۔

نفل نماز پہلی تاریخ محرم الحرام

پہلی تاریخ بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تیرہ بار۔ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے پھر بعد سلام کے یہ دعائے مکرم ایک مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ الْاَ بَدُ الْقَدِیْمُ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ اَسْئَلُکَ فِیْھَا الْعِصْمَۃَ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَابِرِ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَمِنَ الْبَلَا وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُکَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰی ھٰذِہِ النَّفْسِ الْاَ مَّارَہِ بِالسُّوْٓءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْکَ یَا بَرُّ یَا رَؤُفُ یَا رَحِیْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط

ترجمہ: اے اللہ تو ایسا ہے جس کی نہ ابتداء ہے نہ انتہا یہ نیا برس ہے تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس برس میں نگہبانی شیطان راندے گئے سے اور امان ظالم بادشاہ سے اور ہر شریر کے شر سے اور بلاؤں اور آفتوں سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے مدد اور انصاف اس نفس پر جو برائی سکھاتا ہے اور مانگتا ہوں مشغول اس چیز کی جو مجھ کو نزدیک کرے تیری طرف، اے نیک کار اے مہربان اے رحم کرنے والے اے صاحب بزرگی اور انعام کے۔

اللہ پاک اس نماز اور دعا کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرمائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ وہ دنیا سے باایمان اٹھے گا۔

نفل نماز شب عاشورہ

عاشورہ کی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے آیت الکرسی تین تین دفعہ سورۂ اخلاص ایک سو مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں کی توبہ کرے اور اللہ پاک سے بخشش طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ خداوند کریم اپنی رحمت کاملہ سے اس نماز کے پڑھنے والوں کے تمام گناہ معاف فرمائیں گے۔

شب عاشورہ عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھے۔

یہ نماز واسطے بخشش گناہ کے لئے افضل ہے۔ پروردگار عالم اس نماز پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

عاشورہ کی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے اور بعد سورۂ فاتحہ کے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی تین تین دفعہ سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے سورۂ اخلاص ایک سو مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک اس نماز کے پڑھنے والے کو بہشت میں ہر قسم کی نعمت عطا فرمائے گا۔

یوم عاشورہ

یوم عاشورہ کے دن بعد نماز فجر طلوع

آفتاب کے بعد دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے جو بھی سورۂ یاد ہو پڑھ لے اور بعد سلام کے ایک سو مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔

یوم عاشورہ کے دن کسی بھی وقت باوضو ہو کر ستر مرتبہ پڑھے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط

مغفرت گناہ کے لئے یہ وظیفہ پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔

عاشورہ کے دن چار رکعت نماز ظہر سے پہلے پڑھے، ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ زلزال ایک بار، سورۂ کافرون ایک بار، سورۂ اخلاص ایک بار، سورۂ فلق ایک بار بعد سلام کے ستر مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ خدوند قدوس اس نماز کے پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔

نماز ظہر سے پہلے یوم عاشورہ چھ رکعت نماز تین سلام سے اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ تو پڑھنی ہے بعد سورہ فاتحہ کے پہلی رکعت میں سورۂ شمس ایک بار، دوسری میں سورۂ قدر ایک بار، تیسری میں سورۂ زلزال ایک بار، چوتھی میں سورۂ اخلاص ایک بار، پانچویں میں سورۂ فلق ایک بار، چھٹی میں سورۂ ناس ایک بار پڑھ کر جس مراد کے لئے دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ دربار خداوندی میں قبول ہوگی۔

نماز ظہر سے پہلے یوم عاشورہ چار رکعت نماز دو سلام سے اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۱۵ مرتبہ سورۂ اخلاص ہر چار رکعتوں میں پڑھے اور یہ نماز حضرت امام حسن علیہ السلام اور حضرت امام حسین علیہ السلام کو بخش دیں۔

نفل روزہ

محرم الحرام میں روزہ رکھنے کی بہت فضیلت ہے۔ (پہلی تاریخ سے دس تاریخ تک روزہ رکھے یا پہلی تاریخ کا اور نویں، دسویں کا روزہ رکھنا افضل ہے)

مجاہدات و ریاضات

اذکار و اشغال

سلوک کے طریقے بہت سے ہیں۔ کیونکہ طالبان حق کی طبیعتیں مختلف ہیں اور شیخ کا دل طبیب ہے۔ مریض کے مرض کے موافق علاج کرتا ہے اس سبب سے فرمایا ہے کہ اللہ کے طریقے کے رستے خلائق کے انفاس کے برابر ہیں لیکن ان سب طریقوں سے تین طریقے بہت قرب کے ہیں۔

پہلا طریق اصنیار کا ہے اس میں بہت سے روزے رکھنے اور نمازیں پڑھنے اور تلاوت قرآن شریف میں مشغول ہونا۔ حج و جہاد کرنا شامل ہیں اس راہ کے چلنے والے ایک مدت میں منزل مقصود کو پہنچتے ہیں۔

دوسرا طریق اصحاب مجاہدات یا ریاضت کا ہے اس میں عادت ذلیہ کو اخلاق حمید سے بدلتے ہیں ان کو ابرار کہتے ہیں اس راہ سے بھی اکثر لوگ مقصود کو پہنچتے ہیں۔

تیسرا طریق شطاریہ ہے۔ یہ لوگ ریاضت سے بھاگتے ہیں اور خلائق کی صحبت سے بچتے ہیں۔ ان کا کام سوائے ورد اور اشتیاق اور شوق ذکر فکر شکر کے اور کچھ نہیں ہوتا اس طریق سے بھی اکثر مقصود کو پہنچتے ہیں اور بہت سے تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب اور تجلیہ روح میں مشغول رہتے ہیں اور کشف و کرامات کو پسند نہیں کرتے اور اپنے وقت کو موت سے قبل ان تموتو کی استقامت میں صرف کرتے ہیں۔ یہ طریق دونوں طریقوں سے وصول الی اللہ میں زیادہ قریب رکھتا ہے اور وصول اس طریقہ شطاریہ میں دس چیزوں سے ہے۔ اول تو یہ ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ ماسوا اللہ کے مطلوبات کو چھوڑ دے۔ جیسے مرنے کے وقت سب کچھ چھوٹ جاتا ہے، دوسرے زہد ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ دنیا و مافیہا سے کچھ غرض نہ رکھے اور سب کو چھوڑ دے۔ جیسے مرنے کے وقت سب کو چھوڑنا پڑتا ہے۔ تیسرے توکل اس سے مراد یہ ہے کہ اسباب ظاہری کو ترک کرے۔ جیسے موت کے وقت ترک ہو جاتے ہیں۔ چوتھے قناعت یعنی اپنی نفسانی اور شہوانی خواہشوں کو ایسا ترک کرے۔ جیسے موت کے وقت ترک ہو جاتی ہیں۔ پانچویں عزلت یعنی خلائق سے کنارہ کشی اور انقطاع کرنا۔ جیسے موت کے وقت ہوتا ہے۔ چھٹے توبہ، یعنی اللہ کے سوا سب طرف سے اپنی اغراض کو اٹھا کر منہ پھیرے جیسے موت کے وقت ہوتا ہے۔ ساتویں صبر، یعنی مجاہدہ کرے اور نفسانی لذات کو ترک کر دے جیسے موت کے وقت بلا مجاہدہ چھوڑی جاتی ہیں۔ آٹھویں رضا۔ یعنی اپنے نفس کی رضا کو چھوڑ کر اللہ کی رضا پر راضی کر لے اور اس کے حکم ازلی پر سر جھکائے جیسا موت کے وقت ہوتا ہے۔ نویں ذکر ہے۔ یعنی اللہ کے ذکر کے سوا سب کو چھوڑ دے جیسے موت کے وقت چھوڑتا ہے دسویں مراقبہ ہے یعنی اپنے سب حول اور قوت کو ترک کر دے۔ جیسا کہ موت کے وقت ترک کر دیتا ہے۔

پس طالب کو چاہئے کہ پہلے حسب ارشاد مرشد ان بری خصلتوں سے جو لوازمہ حیوانی و عنصری ہیں اپنے آپ کو بچائے اور اوصاف حمیدہ پیدا کرے اور اپنے دل کو غیر اللہ کی کدورتوں سے پاک صاف رکھے تاکہ لیاقت وصول اللہ کی حاصل ہو۔

قسط نمبرا

جاگتے ذہن کی قوت اور کامیابی

ہم بے شمار کام بلا سوچے سمجھے لاشعوری طور پر غیر حاضر دماغی کے ساتھ سرانجام دیتے ہیں- اگر آپ اپنے دن بھر کے کاموں کا جائزہ لیں تو آپ حیران رہ جائیں گے کہ تقریباً ۷۰ فیصد کام عادتاً لاشعوری طور پر انجام دیتے ہیں۔ غیر حاضر دماغی کے بارے میں ایک واقعہ بڑا مشہور ہے کہ ایک بچی نے اپنی ماں سے سوال کیا کہ آپ جب بھی روسٹ بناتی ہیں تو کیوں ایک چھوٹا ٹکڑا علیحدہ کر لیتی ہیں- ماں نے جواب دیا کیونکہ میری ماں ہمیشہ ہی ایسا کرتی ہیں- بچی دادی کے پاس گئی اور یہی سوال پوچھا تو دادی نے جواب دیا کیونکہ میں نے اپنی ماں کو ہمیشہ ایسا کرتے دیکھا- بچی کا تجسس دوچند ہوا اس نے اپنی پردادی کو فون کیا جو کہ اتفاق سے بقید حیات تھیں اور دوسرے شہر میں رہائش پذیر تھیں- جب پردادی سے یہ سوال کیا تو دادی نے کہا ''بیٹا کیونکہ میں ایسا کرنے پر مجبور تھی بچی بڑی حیران ہوئی پوچھا کیوں؟ کہا! میری پتیلی بہت چھوٹی تھی اس لئے روسٹ کا ایک ٹکڑا علیحدہ کر لیتی تا کہ بعد میں پکایا جا سکے- تو قارئین اس بات سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ غیر حاضر دماغی اور اندھی تقلید سے کس طرح تین نسل پہلے کا ایک ضروری عمل احمقانہ طور پر تین نسلوں تک دہرایا جاتا رہا- اگر ان میں سے کوئی بھی شخص کھلے دماغ سے سوچتا تو بچی کو یہ سوال پوچھنے کی نوبت نہیں آتی- اس لئے ہم میں سے بیشتر لوگ عادتاً کام کو سرانجام دیتے ہوئے حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں کیونکہ ہم جاگتے دماغ کے ساتھ کام کرنے کے عادی نہیں رہے- اوپر کی مثال سے بھی یہ بات واضح ہوتی ہے کہ کس طرح ہم ''عام شعوری فہم'' کو نظر انداز کر دیتے ہیں- اگر ہم اپنے روزمرہ کی معمولات کو حاضر دماغی سے سرانجام دیں تو حالت کبھی بھی ہمارے قابو سے باہر نہیں ہو سکتی اور کسی بھی مسئلے کے ممکنا جوابات تک باآسانی پہنچ سکتے ہیں- اس طرح شب و روز کے مختلف مسائل ہمارا چین حرام نہیں کر سکتے-

لوگ عموماً سوچنے کی زحمت گوارہ نہیں کرتے

اس بات کا تجربہ اس طرح کیا گیا کہ ایک دفتر کی سینئر خاتون نے یک بعد دیگرے ۲۵ آدمیوں کو ایک مخصوص برانڈ کی بینڈ تیج لانے کو کہا- ۲۵ میں سے ۲۴ آدمیوں نے یہ آ کر جواب دیا کہ اس مخصوص برانڈ کی بینڈ تیج مارکیٹ میں شارٹ ہیں اس لئے نہیں مل سکتی صرف ایک شخص نے متبادل بینڈ تیج کے بارے میں بھی دریافت کیا- یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ اگر ہم کسی مسئلہ کا ایک ہی حل جانتے ہوں تو کبھی بھی دوسرے متبادل حل کے لئے تگ و دو نہیں کریں گے- بلکہ متبادل جواب کو یکسر نظر انداز کر دیں گے-

یاد رکھیں مسائل کی نوعیت چاہے کیسی ہی کیوں نہ ہوں- اس کا ہمیشہ متعدد ممکنا حل موجود ہوتا ہے بات صرف تلاش اور ذہن پر زور دینے کی ہوتی ہے- ایک سے زائد حل میں سے ہمیشہ ایسے طریقے اختیار کیجئے جن سے آپ کو کم از کم نقصان ہو یا سرے سے نقصان ہی نہ ہو-

ایک مخصوص طرز فکر کو کامل جاننا

کتاب ''حاضر دماغی'' کے مصنف ''ایلن لینگر'' لکھتے ہیں کہ جب میں ہائی اسکول کے آخری سال میں تھا تو میری دادی نے سردرد کی شکایت کی اور ڈاکٹر سے کہا کہ ''مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے میرے دماغ میں کوئی سانپ رینگ رہا ہے'' ڈاکٹر نے ان عجیب علامات کو بڑھاپے کی جڑ جانا اور مرض بڑھاپا تجویز کیا- چند ہی ہفتوں میں دادی کا انتقال ہو گیا- مرنے کے بعد پوسٹ مارٹم رپورٹ سے یہ بات عیاں ہوئی کے میری دادی کے دماغ میں ٹیومر تھا- جو کہ قابل علاج بھی تھا- اس اطلاع پر میری والدہ اور مجھ پر غموں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے اور ہم ایک ناکردہ جرم کے احساس میں مبتلا ہو گئے حالانکہ ہمارا صرف یہ قصور تھا کہ ہم نے ڈاکٹر کے فیصلہ کو حرف آخر جانا- لیکن ہم ڈاکٹر سے سوال کرنے والے کون ہوتے ہیں- اسی سوچ نے میرے ذہن کو اس کتاب کو لکھنے پر مجبور کیا- دراصل ہم نے خود کو کسی نہ کسی طبقات میں مقید کر رکھا ہے- ڈاکٹر کے سامنے جب ایک ضعیف عورت آئی جو ایک عجیب و غریب شکایت کر رہی تھی تو اس کے مقید ذہن نے خود بخود یہ تصور کر لیا کہ یہ ضعیفی کے نسیان کے علاوہ کچھ نہیں- میں اور میری والدہ نے بے اختیار یہی تصور کر لیا کہ ڈاکٹر بہتر سمجھتے ہیں اور اس طرح وہ ضعیف خاتون وقت سے پہلے ہم سے دور چلی گئی-

لہذا ہم جب بھی کسی نئی مشکل یا پرانی پریشانی کا سامنا کریں تو بہتر یہی ہوگا کہ تمام پہلوں سے اس کا جائزہ لے لیں- تمام مفروضوں پر غور کریں، لوگوں سے مشورہ کریں پھر اپنا لائحہ عمل طے کریں اگر اس مسئلہ کا پہلے کوئی حل موجود ہے تو نئے زاویہ سے حل تلاش کریں تا کہ غیر حاضر دماغی یا سوئے ہوئے دماغ کے فیصلے سے آپ کو نقصان نہ پہنچے-

اس بات کا احساس کے ہم روزمرہ

عمل سے پوری طرح واقف ہیں

روزمرہ کے عام معمولات سے پوری واقفیت بھی غیر حاضر دماغی کو تقویت دیتی ہے یا غائب دماغی کی طرف دھکیل دیتی ہے- ایک مشہور ماہر نفسیات نے غیر حاضر دماغی کے موضوع پر ایک جگہ لکھتے ہیں کہ جب ہم اپنے روزمرہ کے کام یا معمولات کے پوری طرح عادی ہوجاتے ہیں تو عموماً بڑی بڑی غلطیاں کرتے ہیں- نئے آدمی عموماً اسقدر بڑی یا چھوٹی مگر اہم غلطیاں نہیں کرسکتے کیونکہ وہ پوری تندہی سے کام کو سیکھنے کی کوشش کررہے ہوتے ہیں لہذا تمام کام حاضر دماغی سے سرانجام دیتے ہیں ان کی غلطی لاعلمی کی وجہ سے ہی ہوتی ہے- وہ مزید لکھتے ہیں کہ وہ ایک دفعہ بنک گئے تو ایک انتہائی سینئر بنک افسر سے بات چیت کے بعد اس کو اپنا نیا کریڈٹ کارڈ دیا تو انہوں نے یہ دیکھ کر کے کارڈ میں دستخط نہیں ہے کارڈ واپسی کیا کہ دستخط کریں- دستخط شدہ کارڈ لے کر سیدھا مشین میں

• ڈال کر رقم دے دی- پھر ان کو یاد آیا کہ دستخط کی تصدیق تو کی ہی نہیں تو وہ دستخط ملانے لگے حالانکہ اب دستخط ملانے کی کوئی ضرورت نہیں تھی کیونکہ مشین نے دستخط قبول کرکے ہی رقم دی تھی- اس واقعہ سے کسی کو نقصان تو نہیں ہوا لیکن اس واقعہ سے انسانی فطرت اس پہلو کی نشاندہی ہورہی ہے کہ کس طرح ہم ایک روزمرہ کے لگے بندھے معمولات کی عادی ہوکر فاش غلطیاں کر بیٹھتے ہیں- جب ہم ایک ہی معمولات کے عادی ہوجاتے ہیں تو اس کام کو غیر

• حاضر دماغی کے ساتھ لاشعوری طور پر انجام دیتے ہیں جو بعض اوقات انتہائی مہلک اور خطرناک ثابت ہوتا ہے اس کی مثال جنوری ۱۹۸۲ء کا پلین کریش ہے- جنوری ۱۹۸۲ء کی سرد صبح ائر فلوریڈا کا ایک طیارہ اپنے معمول کے پرواز فلوریڈا تک کے لئے تیار تھا اس طیارے میں نہایت تجربہ کار اور کہنہ مشق عملہ سوار تھا- لیکن جسے ہی طیارہ فضا میں بلند ہوا کچھ ہی دیر بعد گر کر تباہ ہوگیا- (باقی آئندہ)

ارشاداتِ نبوی ﷺ

''اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر کھانا کسی شخص نے نہیں کھایا اور اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں کی کمائی کھاتے تھے۔''

(بخاری، مقدام بن معدیکرب)

''لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آجائے گا جس میں آدمی اس بات کی پرواہ نہیں کرے گا کہ اس نے جو مال کمایا ہے وہ حلال ہے یا حرام۔''

(بخاری، ابوہریرہؓ)

''بہترین کمائی مزدوری کی کمائی ہے بشرطیکہ اپنے مالک کا کام خیر خواہی اور خلوص سے انجام دے۔''

(مسند احمد)

''جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن غم اور گھٹن سے بچائے تو اسے چاہئے کہ تنگدست قرض دار کو مہلت دے یا قرض کا بوجھ اس کے اوپر سے اتار دے۔''

(مسلم، ابوقتادہ)

''جو اپنے وارث کو میراث سے محروم کردے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو جنت کی میراث سے محروم کردے گا۔''

(ابن ماجہ، انس)

''کسی وارث کے حق میں مرنے والے کی وصیت جاری نہ ہوگی مگر اس وقت جب کہ دوسرے ورثاء چاہیں۔''

(مشکوٰۃ)

''یہ منافق کی نماز ہے کہ وہ بیٹھا سورج کا انتظار کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ جب اس میں زردی آجاتی ہے اور مشرکین کی پوجا کا وقت آجاتا ہے، تب یہ اٹھتا ہے اور جلدی جلدی چار رکعتیں مار لیتا ہے (ایسے جیسے کہ مرغی زمین پر چونچ مارتی ہے اور پھر اٹھا لیتی ہے) یہ شخص اللہ کو اپنی نماز میں زرا بھی یاد نہیں کرتا۔''

(مسلم۔انسؓ)

''تمہارے سارے کاموں میں سب سے زیادہ اہمیت میرے نزدیک نماز کی ہے۔ جو شخص اپنی نماز کی حفاظت کرے گا اور اس کی دیکھ بھال کرتا رہے گا تو وہ اپنے پورے دین کی حفاظت کرے گا اور جو نماز کو ضائع کردے گا تو وہ اور ساری چیزوں کو بدرجہا دنی برباد کردینے والا ثابت ہوگا۔''

(مشکوٰۃ)



اسرار الحروف

خداوند عالم نے ہر حرف اور ایک اثر عطا کیا ہے ایک خاص حکمت مخفی کی ہے ایسی کہ عقل بشری اس کا احاطہ نہیں کر سکتی- دنیا بھر کی زبانیں اور کروڑہا حروف الٰہی اٹھائیس (کم وبیش) ابجدی حروف سے مل کر ظہور میں آئے ہیں اور یہ کرشمے اور علم الٰہی حروف کے اثرات وملاپ کا نتیجہ ہیں-

حکماء نے ان حروف سے کام لینے کے لئے خاص قواعد مرتب کئے ہیں اور ان خاصیتوں کو نوٹ کیا ہے ہر حرف کا ایک خاص مزاج اور ہر حروف کی ایک خاص طبیعت ثابت کی ہے- بعض کو گرم بعض کو سرد بعض کو خشک اور بعض کو تر بتایا ہے ان حروف کے طبائع میں علمائے فلاسفہ کے نزدیک مندرجہ ذیل تقسیم ہے-

حروف آتشی = اھ ط م ف ش ذ
طبع گرم خشک

حروف بادی = ب د ی ص ن ت ض
طبع گرم تر

حروف آبی = ج ز ک س ع ث ظ
طبع سرد تر

حروف خاکی = د ع ل ع ر خ غ
طبع سرد خشک

(۱) وہ اسماء جو آتشی حروف سے مرکب ہوتے ہیں وہ حرارت پیدا کرتے ہیں جو اسماء حروف باد سے مرکب ہوتے ہیں وہ اخفائے حرارت اور ایجاد برودت کرتے ہیں جو اسماء کو چاروں طبیعتوں سے مرکب ہوتے ہیں ان میں جس عنصر کے حروف غالب ہوں اس کا اثر غالب ہوگا اور جس اسم میں کسی عنصر کے حروف غالب نہ ہوں ان میں اعتدال کا اثر ظاہر ہوگا-

(۲) آتشی حروف سے آبی امراض دفع ہوتے ہیں بادی حروف سے مادہ رطوبت کو تسکین ملتی ہے حکمائے ہند نے بعض ایسے ہی حروف کو ملا کر ایسے اسم بنادیئے ہیں جن کے معنی سمجھ میں نہیں آتے- انہوں نے ان کا نام حروفِ طلسم رکھا ہے وہ سانپ کے کاٹے' دردوں' زہر اور تپ دور کرنے کے لئے بے حد مؤثر ہیں-

(۳) حروف آتشی حروف بادی کے دوست ہیں-

حروف بادی آتشی کے دوست ہیں-

حروف خاکی حروف آبی کے دوست ہیں-

حروف آبی خاکی کے دوست ہیں-

حروف آتشی وآبی میں دشمنی ہے-

اور حروف بادی اور خاکی آپس میں دشمن ہیں-

حروف آتشی حروف خاکی کے نہ موافق ہیں نہ خالف دونوں کے ملنے سے نفع ہوسکتا ہے-

حروف بادی حروف آبی کے نہ موافق ہیں نہ مخالف دونوں کے ملنے سے نفع ہوسکتا ہے-

جو شخص ان خاصیتوں کو اچھی طرح سمجھ لے گا وہ اس امر تک پہنچ جائے گا کہ تمام موجودات میں قوت موانست اور مخالفت کی وجہ کیا ہے حیوانات اور انسانوں کی دوستی و دشمنی کی کیا وجوہات ہیں یا دو شخصوں کی طبع میں فرق کیوں ہوتا ہے- اعمال میں دوستی و دشمنی کو لانے کے لئے کن حروف کی مدد لی جاسکتی ہے-

(۴) اعمال حیوانات خاکی کے سب حروف خاکی سے ترتیب پائے ہیں حیوانات ہوائی یعنی پرندوں کے اعمال حروف بادی سے اور اجنبہ اور ملائکہ حروف آتشی سے اور آبی جانوراں آبی سے ترتیب پاتے ہیں اور جتنے حیوانات جنس واحد سے ہیں ان میں طبیعتوں کا اختلاف ہے بعض بعض کے موافق ہیں اور بعض بعض کے مخالف ہیں-

(۵) اسمائے اعظم الٰہی سب گیارہ حروف سے ہیں- جو حضرت آدمؑ کو خلیفہ گردانتے وقت تسلیم کئے گئے اور جب حضرت آدمؑ ان اسماء سے واقف ہوئے تو عالم کے تینوں مراتب ان کے مسخر ہوگئے- وہ گیارہ اسماء انہی اٹھائیس حروف میں مخفی ہیں- باری تعالیٰ نے انہیں اٹھائیس دنوں میں علم کے کل خزائن کو مخفی کر دیا ہے- حروف ناری میں ۳ حروف' حروف بادی میں ۳ حروف' حروف آبی میں ۳ حروف' اور حروف خاکی میں دو حروف ہیں-

حروف خاکی میں حروف اسم اعظم الٰہی کم ہونے کی وجہ سے ہی اسے تحت الاقدام میں جگہ ملی ہے جو دلیل تر اور بعید تر کون ومکان ہے- جو شخص ان گیارہ حروف یا ان میں سے سات حروفوں یا ۳ حروفوں سے واقف ہوجائے تو ملائکہ اس کی عزت کریں گے اور اپنے اپنے منافع سے اس کو آگاہ کریں گے- قدرت کی طرف سے علم کی ایک ایسی نعمت عطا ہوگی کہ خود خدا اور اس کے موجودات اس پر مہربان ہوگی- آج کے زمانہ میں اتنی ہمتیں کہاں؟ کہ ریاضت کا بار اٹھائیں اور اتنا حوصلہ کہا کہ دنیا چھوڑ دیں مگر پھر بھی اکثر ایسے لوگ ملیں گے جو کہیں گے کہ ہمیں نہ کسی علم کی ضرورت ہے نہ ریاضت کی ہمیں تو براہِ راست قدرت سے یہ طاقتیں ملی ہیں کہ جو چاہے کر دیں ایسے لوگ جو خود اعتراف کرتے ہیں کہ علم روحانی سے ہم کورے ہیں- ریاضت ہم نے نہیں کی تو نہ معلوم بیوقوف دیندار ان کی طرف کیوں رجوع کرتے ہیں ہاں البتہ دنیا کمانے کے لئے ایسے حربے بے حد مؤثر ہوتے ہیں-

تعبیر الرویا

اگر کسی شخص نے دیکھا کہ قیامت برپا ہے تو تعبیر اس کی یہ ہے کہ ہاں یہ خواب دیکھا ہے وہاں بسط وحشر رحمدل کا ہوگا۔ اور اگر باشندے اس مقام کے ظالم وزیاں کار ہوں گے تو حق تعالیٰ ان سے انتقام کرے گا۔ کیونکہ روز فیصلہ اور جزاء ہے اور اگر لوگ اس جگہ کے مظلوم ہوں گے تو نصرت یاب ہوں گے۔

اگر کوئی شخص خواب میں پیش خدائے عزوجل دیکھے تو عظمت ترین امر ہے۔ اور خواب صحیح ہوئے۔ اور یہی تعبیر اس شخص کی ہے جو کوئی کچھ ہول قیامت سے خواب میں دیکھے۔

اگر کسی شخص نے خواب میں دیکھا کہ جنت میں داخل ہوا۔ البتہ وہ جنت میں داخل ہوگا۔ کیونکہ یہ اس کے لئے بشارت ہے۔ ان اعمال صالح کو اس نے آگے بھیجے ہیں یہ ان کا عوض ہے۔

اگر کسی نے خواب دیکھا کہ اس نے جنت سے میوہ جات کچھ کھایا ہے یا اس میں سے کچھ غیر کو دیا ہے تو تعبیر اس کی یہ ہے کہ میوہ ہائے جنت مثل نعمت کے ہے کہ وہ اس پر قادر ہوگا۔

اگر کسی شخص نے خواب دیکھا کہ میوے جنت سے دستیاب ہوئے ہیں مگر اس میں سے وہ کچھ کھایا نہ وہ اسکے کھانے پر قادر ہوا۔ تو تعبیر اس کی یہ ہے کہ اس کے دین میں اس کو خیر پہنچے گا مگر اس سے وہ نفع نہ اٹھائے گا۔ یہ خواب دلالت کرتا ہے کہ وہ علم سے نفع نہ اٹھا سکے گا۔

اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ چشمہ ہائے بہشت سے اس نے پانی پیا۔ یا خلہ ہائے جنت سے اس نے لباس پہنا تو تعبیر اس کی یہ ہے کہ دنیا و آخرت میں اس کو تقویٰ حاصل ہوگا۔

اسی طرح جنت کی چیزوں کو دیکھنا یا جنت کی نعمتوں کا دیکھنا بھی دنیا کی نعمتوں کا حاصل ہونا ہے۔

اگر کسی نے خواب میں دیکھا کہ وہ داخل جہنم ہوا تو تعبیر اس کی یہ ہے کہ وہ مبتلائے خطاہائے عظیمہ ہوگا کیونکہ یہ برعکس رویائے جنت ہے۔ اور اس کا دیکھنا دلالت کرتا ہے کہ اس کو اندیشے ہوں گے۔ پس لازم ہے کہ ایسا شخص خواب دیکھنے والا نفس اور عمل کے جہاد میں مشغول ہو جائے اور اپنی ہر حرکت پر نظر رکھے۔ اگر اس کو جہنم سے کوئی گزند نہیں پہنچا۔ تب بھی اس سے خالی نہ ہوگا کہ اس کو رنج واندوہ ہوگا۔

لوح مشتری

اسباب ومال وحصول مال ودولت وکشائش رزق

مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے۔ ہر شخص کو تو زندگی کی عام اور مالی سعادتیں دیتا ہے۔ کاروبار میں منافع لاتا ہے۔ مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید انتہائی سعد اور پرتاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔ یہ مالی امور میں خوش بختی کو اسطرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔ اس کو پہن کر تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے پہنے رہئے انشاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لئے جو اسباب بھی کریں گے۔ ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا کرے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی۔

وقت خراب ہے۔ زمانہ چلتے چلتے ایسی جگہ پہنچ گیا ہے جہاں مالی تباہیاں جلد تر آتی ہیں۔ جہاں روزانہ مہنگائی کے ذریعہ جو کمایا ختم ہو جاتا ہے۔ ملازمتوں کا اندیشہ رہتا ہے۔ کاروبار کی بندش ہو جاتی ہے۔ اس وقت جو چیز کام دیتی ہے وہ صرف پیسہ ہے فالتو روپیہ! تاکہ اپنی عزت اور وقار کو دوسروں کی نظر میں قائم رکھا جا سکے۔ قدرت کی طرف سے بھی مواقع کم ہی رکھے گئے ہیں۔ انسانی امداد کے لئے ۱۲ سال بعد وقت آتا ہے مشتری کو کب مال ودولت گردانا گیا ہے اس لئے علمائے جفر اس وقت کی تاثیر سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

دفتر سے منگوانے کے لیے نام معہ والدہ اور ہدیہ منی آڈر کریں۔ خاص بات معلوم کرنی ہو تو۔ صبح ۱۱ بجے سے دوپہر ۲ بجے تک فون کریں

کال کریں 0333-7202964 رسالہ روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

دعائے قنوت

ہر مسلمان کو دعائے قنوت یاد ہوتی ہے جو وتروں میں پڑھی جاتی ہے لیکن حضور اکرم ﷺ نے نماز فجر میں بھی دعائے قنوت پڑھی ہے۔ اس لئے امام شافعیؒ نے صبح کی نماز میں دعائے قنوت پڑھنے کا فتویٰ دیا ہے اور اس کو سنت موکدہ قرار دیا ہے۔ لیکن امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے اسے منع فرمایا ہے۔ بلکہ بدعت قرار دیا ہے۔ حضرت امام اعظمؒ بدعت ہونے کے ثبوت میں اور امام شافعیؒ سنت موکدہ ہونے کے ثبوت میں بہت سی روایتیں پیش کرتے ہیں اور یہ بحث کتب احادیث میں تفصیلاً موجود ہے۔ میرے زیر نظر دعائے قنوت کا نماز فجر میں پڑھنا یا نہ پڑھنا نہیں۔ بلکہ میں اعمال نقطہ نظر سے اس پر روشنی ڈالتا ہوں۔

واقعہ یہ ہے کہ کفارِ عرب نے چند مسلمانوں کو جو قاری بھی تھے۔ دغابازی سے شہید کر دیا تھا اور حضور اکرم ﷺ کو نہایت رنج ہوا تھا۔ آپؐ نے ان کفار کے برباد ہونے اور تباہ ہونے کے لئے ایک مہینہ تک نماز فجر میں دعائے قنوت پڑھ کر ان کفار کو بددعا کی اور خداوند کریم نے ان کفار کو اس عمل کی بدولت تباہ کر دیا۔

حضرت امام اعظمؒ کی تحقیق ہے کہ بجز اس واقعہ کے اور حضورؐ نے نماز فجر میں دعائے قنوت کبھی نہیں پڑھی۔ بلکہ خود ترک فرما کر اس کی ممانعت کا حکم فرمایا۔ بہرحال جیسا کہ میں نے عرض کیا یہ بحث باالصلوٰۃ کے تحت محدثین کی ہے اور اب اس فتویٰ پر عمل ہے کہ حنفی دعائے قنوت نماز فجر میں نہیں پڑھتے اور شافعی سنت موکدہ جانتے ہیں۔ مگر احادیث حنیفہ سے ثابت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ایک مہینہ تک دشمنوں کی تباہی کے لئے صبح کی نماز میں دعائے قنوت پڑھی۔ اور یہ ہی میری بحث ہے کہ جس شخص کو دشمنوں سے نقصان پہنچ رہا ہو یا اندیشہ ہو یا دشمنوں نے چاروں طرف سے گھیر کر رکھا ہو تو اس شخص (مظلوم) کو لازم ہے کہ نماز فجر سے قبل دو رکعت نماز نفل بہ نیت تباہی دشمنان پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف سورۃ القارعہ۔ دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۃ انا اعطینا آخری آیت ان شانئک ھو الابتر کو سخت اور کرخت لہجے میں پڑھے اور دشمن کا تصور کرے بعد ختم دعائے قنوت پڑھ کر رکوع کر کے نماز ختم کرے۔ اس طرح چھ رکعت تین سلام سے ادا کرے۔ چھ رکعت ختم ہونے کے بعد دشمن کی تباہی کے واسطے دعا کرے۔ سورۃ شریف انا اعطینا کی آخری آیت اور دعائے قنوت پڑھتے وقت دشمن کا تصور رہے۔ تیس دن ایسا ہی کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس عرصہ کے اندر تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ اور عامل ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ کوئی خاص مہینہ یا تاریخ عمل شروع کرنے کی مقرر نہیں۔ یہ عملیات اضطراری حیثیت رکھتے ہیں۔ جس وقت پریشانی ہو اسی وقت شروع کر دیں۔ مگر یہ عمل سیف قاطع ہے۔ سوائے اشد ضرورت اور جائز موقع کے علاوہ اس کو نہ کریں۔

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ یہ اس کا مخفی جسم ہے۔ اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے۔ اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا۔ لہذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لاسکتا ہے۔ وہاں سے چیزیں لانا۔ کوئی کام کر کے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے۔ دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا۔ گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا۔ امراض کا علاج بتانا۔ پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے۔ اس کتاب میں **بیس طریقے اور عملیات ھیں**۔ اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کر کے ہمزاد قابو میں کیا جاسکتا ہے۔

(قیمت =/۲۰۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

اپنا زائچہ بنوائیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ زائچہ پیدائش بنوا کر رکھیں۔ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، اور مقام پیدائش لکھیں۔ زائچہ میں دی گئی معلومات انتہائی دلکش اور خوبصورت، ہر سطر واضع، لیزر پرنٹ۔ ہدیہ : =/۲۰۰۰ روپے

مینجر روحانی دنیا کراچی

ملتان

میں تاشون ناول، رسالہ، کتب و برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

ملک نیوز ایجنسی، مخدوم رشید

نظرات قمر و شمس

اپنے روز مرہ کے کاموں میں نظرات سے مدد لیں

تقویم ۲۰۱۸ء میں نظرات صفحہ ۱۳۴ سے ۱۴۳ تک تفصیل سے معہ اوقات دیئے گئے ہیں- اس میں قمر کی رشمس کا س ہے یعنی رس کر کے دیا گیا ہے' ث تثلیث کا ہے سعد اکبر' س تسدیس کا ہے سعد اصغر' ع تربیع کا ہے نحس اصغر' لہ مقابلہ کا ہے سعد ہے' ن قران کا نشان ہے یہ بھی نحس ہے-

قران قمر و شمس

یہ نحس وقت ہوتا ہے اگر اس وقت کوئی کام غلطی سے یا انجانے سے کرلے تو صدقہ چھری' سونا یا چاندی یا مرغابی کا گوشت دینا چاہئے-

اگر اس وقت سفر کرے تو نقصان اٹھائے- نیا کپڑا پہنے تو جسم آگ سے جلے یا مرض اس میں داخل ہو- اگر اس وقت شادی کرے تو مرد مر جائے- اگر اس وقت ختنہ کرے تو بچہ مر جائے- اگر باغ یا کھیتی کا کام کرے تو گرمی سے جل جائے- اگر نیا مکان شروع کرے تو مکمل ہونے سے قبل مالک مر جائے- اگر اس وقت کشتی بنائے یا دریا میں اتارے تو غرق ہو جائے اگر اس وقت کوئی حاکم یا صدر بنے تو قاتل وظالم ہو-

تثلیث قمر و شمس

یہ ایک سعد وقت ہوتا ہے- اس وقت دشمنوں کا مقابلہ کرنا فتح لاتا ہے- اگر کوئی حاکم یا وزیر اپنا پیغام کسی دوسری جگہ پہنچائے تو مقبول ہو- تجارت کے لئے سفر کامیابی لاتا ہے- اس طرح کسب اختیار کرنا مال دیتا ہے- اس وقت بادشاہ امراء وزراء اور بچوں سے ملنا ان سے محبت کرنا کامیابی دیتا ہے- اگر اس وقت نیا کپڑا پہنے تو نئے کپڑے ملیں- اگر اس وقت نکاح کرے تو مبارک ہو- اگر گھر بنایا جائے تو خیر و برکت پیدا ہو- اگر کشتی بنائی جائے یا کرایہ کے لئے موٹر چلائی جائے تو نعمت بہت ملے اگر اس وقت حاکم حلف اٹھائے تو عزیز خلق ہو- ملائم دل ہو دشمنوں پر غالب آئے-- اگر باغ بنائے یا تخم ریزی کرے تو فائدہ مند ہو-

تربیع قمر و شمس

یہ ہر کام کے لئے اچھی نظر نہیں ہوتی- اگر اس وقت سفر کرے تو مبارک ثابت نہ ہو- اگر مکان بنائے تو اس میں برکت داخل نہ ہو اور اولاد صالح پیدا نہ ہو- اگر نیا کپڑا پہنے تو فوری نیا کپڑا نہ ملے- اگر اس وقت ختنہ کرائے تو روزی اس کی تنگ رہے- اگر کشتی یا جہاز بنائے تو فائدہ نہ پائے اگر تخم رزی کرے یا باغ لگائے تو برکت نہ پائے اگر اس وقت حاکم عنان حکومت کو اپنے ہاتھ میں لے تو حق پر حکم کرنے والا نہ ہو-

تسدیس قمر و شمس

یہ وقت ہر کام کے لئے بہتر ہوتا ہے- اگر اس وقت سفر کرے تو برکت و رحمت ملے- خیریت سے واپس آئے اگر نیا کپڑا پہنے تو دوسرا کپڑا آسانی سے اور جلدی ملے- بیماری سے نجات ہو اور فائدہ حاصل ہو- اگر اس وقت گھر بنائے تو خوشی حاصل ہو اور مال ملے- صحت بدنی اچھی رہے- اگر اس وقت کشتی بنائے تو مال پیدا کرے- اگر اس وقت شادی کرے تو مرد و عورت دونوں خوشی کی زندگی بسر کریں- اولاد جو پیدا ہو وہ اعلیٰ مقام پر پہنچے- اگر اس وقت بچے کو ختنہ کرائے- مشہور و معروف ہو اور بہن بھائیوں پر غالب ہو- اگر اس وقت کوئی حاکم حلف اٹھائے تو عدل پر فیصلہ کرے اور فصیح زبان ہو اگر باغ وزراعت کرے تو فائدہ ہو-

مقابلہ قمر و شمس

مقابلہ تمام کواکب کا نحس ہوتا ہے- مگر اکثر یونانی حکماء نے اسے سعد قرار دیا ہے- کیونکہ چودھویں کا چاند عین مقابلہ پر ہوتا ہے اور زمین کو ساری رات منور کرتا ہے اور اپنی چاندنی دیتا ہے- اگر اس وقت کوئی سفر پر جائے تو خیر خیریت سے واپس آئے- اگر کوئی نیا کپڑا پہنے تو جلد دوسرا کپڑا ملے اور مکان کی بنیاد رکھے تو خوشی ملے- نئی سواری خریدے تو مال پیدا کرے اگر کوئی شادی کرے تو خوشی و راحت ملے اور جو اولاد پیدا ہو وہ حاکم ہو اس سے برکت ملے- اگر اس وقت بچہ کا ختنہ کرائے تو شجاع و بہادر بنے گا- اگر اس وقت کوئی حاکم حلف اٹھائے تو نیک' عزیز اور شجاع ہوگا- اگر باغ وزراعت کرے تو بہت پھل دیکھے-

تعلقات

زندگی کا ایک مشکل ترین وقت وہ ہوتا ہے جب کہ کسی لڑکی اور لڑکے کی شادی کے لئے انتخاب کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے- خود یا والدین رشتہ کی ظاہری معلومات باآسانی فراہم کر سکتے ہیں- مگر قسمت ان دونوں کے درمیان فطرت کے لحاظ سے باہمی تعلقات کی کیا صورت رکھتی ہے؟ اس کا جاننا بدوں علم کے ممکن نہیں-

ہم نے اس کتاب میں یہ علم دیا ہے کہ فلاں لڑکی کا فلاں لڑکے سے یا فلاں لڑکے کا فلاں لڑکی سے رشتہ کریں تو زندگی خوشگوار اور خوش قسمت ہوگی یا بدقسمتی اور نزاع کا باعث ہوگی- یہ دو جسموں کا ملاپ کیا نتیجہ لائے گا-

علاوہ ازیں کاروبار میں شرکت اور دو شخصوں میں الفت و محبت یا دشمنی اور عداوت کے دلائل بھی واضح کئے ہیں- ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری ہے-

(قیمت =/۲۰۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

قران عطارد و مشتری

یہ قران ۲۹ اکتوبر کو دوپہر ۴ بجکر ۴ منٹ پر ہے- مشتری کوکب مال ہے- اس کے ساتھ عطارد ہے جو تین قوتوں کا مالک ہے- ایک تحریرات' پبلشنگ اور پرنٹنگ سے متعلقہ لوگ دوسرا ٹرانسپورٹ اور کمیونی کیشن کے محکموں سے متعلقہ لوگ- تیسرا اعزاء- لہذا ان تینوں مقاصد کے لئے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے- ان کاموں کی ترقی یا ان محکموں کے متعلقہ لوگوں کی ترقی اور ان محکموں میں حصول ملازمت کے خواہش مند عملیات تیار کر سکتے ہیں-

صورت اول میں تحریری کاموں سے وابستہ لوگ یعنی کلرک وغیرہ اور پرنٹنگ پبلشنگ سے متعلقہ لوگ حصول آمدن کے لئے عمل تیار کر سکتے ہیں- صورت دوم میں ٹرانسپورٹ اور کمیونی کیشن کے کاروبار میں ترقی یا ان کے ملازمین کی ترقی کا عمل تیار ہوسکتا ہے- یا کاروبار میں نقصان ہو رہا ہو تو فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے- صورت سوم میں بہن بھائیوں یا نزدیکی اعزاء میں محبت و تسخیر کے لئے یا کسی عزیز سے مالی مفاد حاصل کرنے کے لئے عمل کیا جاسکتا ہے-

صورت اول

ملازمت یا ترقی کیلئے

اس امر کے لئے ہم جس آیت کی روحانیت سے مدد لیں گے- اس میں اللہ کا ایک اسم اور ایک قوت بھی ہے- آیت ہے- اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ اس کے عدد ۲۲۴۱ ہیں- موکل اس کا رغفائیل ہے- اب ایک مربع نقش تیار کریں جس کے اوپر کے خانوں میں نام' مقصد اور آیت آجائے- سطریوں لکھیں- مثلاً طالب کا نام احمد بن زینب ہے- اب اگر مقصد ترقی ہے تو آگے ترقی لکھیں اگر ملازمت ہے تو ملازمت لکھیں- اگر حصول مال کی ضرورت ہے تو اس کا ذکر کریں کسی خاص ملازمت یا خاص جگہ ملازمت درکار ہے تو لفظ ملازمت کے ساتھ مختصراً ذکر کریں یعنی ملازمت کی تخصیص بھی کی جاسکتی ہے- لہذا سطریوں ہوئی-

احمد زینب- ملازمت- ان اللہ ھوالرزق- ذوالقوالمتین

۱۲۲ ۵۱۸ ۴۶۷ ۱۷۷۴

اب اس کو نقش مربع میں سفید کاغذ پر زعفران سے وقت مقررہ پر لکھیں- بالکل اسی طریقے سے جیسا کہ میں بیان کرتا ہوں- ایک نقش رفتار کا ہے- ایک اصل ہے-

اصل نقش

۷۸۶

احمد زینب	ملازمت	ان اللہ ھو الرزاق	ذوالقوۃ المتین
۴۶۸	۱۷۷۳	۱۲۳	۵۱۷
۱۷۷۲	۴۶۵	۵۲۰	۱۲۴
۵۱۹	۱۲۵	۱۷۷۱	۴۶۶

رفتار نقش

۱	۶	۱۱	۱۶
۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

اصل نقش کو دیکھیں خانہ نمبر ۱ میں طالب کا نام ہے- اس لئے اس میں عدد ۱۲۲ نہ لکھیں- خانہ ۲ میں ۱۲۳- خانہ ۳ میں ۱۲۴- خانہ ۴ میں ۱۲۵ لکھیں- اب ۵-۶-۷-۸ خانہ کو پر کرنا ہے تو اس میں ملازمت کے عدد سے ایک کم کر کے ۵۱۷ کو خانہ ۵ میں لکھیں- خانہ ۶ میں لفظ ملازمت- خانہ ۷ میں ۵۱۹- خانہ ۸ میں ۵۲۰-

باقی آٹھ خانے بالکل اسی طرح پر کریں جس طرح میں نے لکھے ہیں- کیونکہ باقی خانوں میں آیت دو حصوں میں درج کی ہے- یہ آیت چونکہ نقوش میں قائم رہے گی- اس لئے ان آٹھ خانوں کو ترتیب وار ۹ سے ۱۶ خانوں کو لکھیں- جن خانوں میں عدد آئے عدد لکھیں- جن میں آیت آئے آیت لکھیں-

مندرجہ بالا نقش کی کل میزان ۱۲۲+۵۱۸+ ۴۶۷+ ۱۷۷۴=۲۸۸۱ ہے- لہذا نقش پر کر کے چاروں طرف سے میزان کر کے دیکھ لیں کہ ہر طرف سے جمع ۲۸۸۱ ہوتی ہے یا نہیں- اگر تعداد کسی طرف سے درست نہ ہو تو سمجھ لیں- نقش غلط ہوگیا- نقش لکھنے سے قبل اوپر ۷۸۶ لکھیں اور اطراف قولہ الحق وله الملك سے بنائیں اور نقش پر کرنے کے بعد اوپر موکل کا نام لکھیں- یہ طریقہ تمام نقوش میں چلے گا-

صورت دوئم

کمیونی کیشن کیلئے

طریقہ مندرجہ بالا وہی ہوگا- نام مطلب یعنی ملازمت یا ترقی- آیت دو خانوں میں- لیکن اس میں آیت تبدیل ہو جائے گے جو یہ ہے- ولقد مكنكم فى الارض وجعلنا لكم فيها معايش (سورۃ الاعراف آیت ۱۰) اس آیت کے عدد ۲۱۹۹ ہیں- موکل حنقغغائیل ہے- نقش اس کا یہ ہے- یہ ترقی کے لئے بنایا گیا ہے- اس میں نام اور مطلب کے خانے تبدیل ہوں گے- آیت کے آخری ۸ خانے اسی طرح قائم رہیں گے- نقش کی رفتار وہی ہے جو صورت اول کے ساتھ دی گئی ہے-

احمد زینب	ترقی	ولقد مکنکم فی الارض	وجعلنا لکم فیھا معایش
۱۴۳۳	۷۶۶	۱۲۳	۷۰۹
۷۶۵	۱۴۳۰	۷۱۲	۱۲۴
۷۱۱	۱۲۵	۷۶۴	۱۴۳۱

ترقی کے اعداد ۷۱۰ ہیں- نصف آیت اول کے ۱۴۳۲ اور دوسرے حصے کے ۷۶۷ ہیں- یعنی آیت کے ۹ خانوں کے لئے یوں سمجھیں کہ:

خانہ ۹ میں ۱۴۳۰
خانہ ۱۰ میں ۱۴۳۱
خانہ ۱۱ میں ولقد مکنکم فی الارض
خانہ ۱۲ میں ۱۴۳۳
خانہ ۱۳ میں ۷۶۴
خانہ ۱۴ میں ۷۶۵
خانہ ۱۵ میں ۷۶۶
خانہ ۱۶ میں وجعلنا لکم فیھا معایش

صورت سوم

تسخیر و موافقت اعزاء

نام طالب معہ والدہ- جلب قلب - نام مطلوب معہ والدہ آیت تَوَ شَغَفَهَا حُبًّا

آیت کے اعداد ۱۲۳۱ ہیں- صقغائیل موکل ہے- نام طالب احمد بن زینب - عدد = ۱۲۲- نقش کا خانہ ۱-۲-۳-۴-

مطلب - جلب قلب - عدد ۱۶۷- نقش کا خانہ ۵-۶-۷-۸ مطلوب اکرم بن فاطمہ- عدد = ۳۹۶ نقش کا خانہ ۹-۱۰-۱۱-۱۲

آیت کے عدد = ۱۲۳۱- نقش کا خانہ ۱۳-۱۴-۱۵-۱۶ تمام نقوش میں رفتار وہی رہے گی جو شروع میں دی گئی ہے- نقش یہ بنا-

احمد زینب	جلب قلب	اکرم فاطمہ	قد شغفھا حبا
۳۹۷	۱۲۳۰	۱۲۳	۱۶۶
۱۲۲۹	۳۹۴	۱۶۹	۱۲۴
۱۲۸	۱۲۵	۱۲۲۸	۳۹۵

وقت مقررہ سے قبل نقش تیار کر کے پڑتال کر کے خاکہ تیار رکھیں اور وقت پر تیار کر لیں- کام کرتے وقت بخور لوبان کا کریں- تنہا جگہ نقش لکھیں- نقش تیار کر کے تعویذ بنائیں اور گلے میں ڈالیں یا بازوئے راست پر باندھیں- انشاء اللہ جس مقصد کے لئے آیات الٰہی سے مدد لیں گے وہ پورا ہوگا-

جن احباب نے عامل کامل دوئم کا مطالعہ کیا ہے ان کے لئے ان نقوش کی تیاری آسان ہوگی- اگر کوئی صاحب خود تیار نہ کر سکیں اور دفتر سے مدد لینا چاہیں تو پندرہ دن پیشتر اطلاع دیں-

آرڈر پہنچ جاتا ہے جس پر کچھ تحریر نہیں ہوتا- اور خط وقت نکل جانے کے بعد ملتا ہے- لہذا بہتر ہے کہ منی آرڈر پر بھی تفصیل درج کر دی جائے- ان نقوش میں سے جو بھی تیار کروانا چاہیں- اس کا ہدیہ کاغذ پر نقش کا ہدیہ =/ ۲۵۰۰۰ روپے ہوگا- محصول ڈاک =/ ۷۰ روپے ارسال کریں-

برنی تقویم ۲۰۱۹ء اور کوا کبی گائیڈ ۲۰۱۹ء کے لیے اپنا نام نوٹ کروائیں



قدیم علوم کا سائنٹیفیک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق واثرات
سعادت ونحوست کا حساب، حیرت وتجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

۴۵۰ صفحات

Postage Rs: 50

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی عاملیت وکاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا کے تجربات ومشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام'' ''ناشون'' ہیں

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

قیمت: ۵۰۰ روپے

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کرائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔

Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800

انسانی صحت اور وٹامن سی

حیاتین ایک قسم کے کیمیاوی مادے ہیں جن کا کم وبیش ہر غذا میں ہونا تندرستی کے لئے بہت ضروری ہے- پرانے زمانے میں غذائی ماہرین جانتے تھے کہ غذا میں کچھ مادے ایسے ہیں جو جسم کے مختلف اعضاء پر مختلف اثر ڈالتے ہیں اور جسمانی نشوونما کے لئے بہت ضروری ہیں مگر وہ لوگ اسے سمجھانے سے قاصر تھے مگر ڈاکٹر فنک جو علم غذا کا ماہر مانا جاتا تھا- پہلی مرتبہ ان مادوں کو وٹامن کا نام دے کر کسی حد تک سمجھانے کے قابل ہوا اور پھر تحقیقات کی ابتداء ہوئی- اس کے بعد انہیں اے' بی' سی' ڈی وغیرہ کا نام دیا گیا- اس مضمون میں ہم انسانی جسم کے لئے وٹامن سی کی اہمیت کا ذکر کریں گے-

وٹامن سی کا کیمیائی نام اسکاربک ایسڈ Ascorbic Acid ہے- غذاؤں میں یہ وٹامن زیادہ عرصہ تک اصلی حالت میں نہیں رہتا کافی دیر تک جوش دینے یا زیادہ پکانے سے یہ وٹامن ضائع ہوجاتا ہے-

جسم میں متعدد امراض کا مقابلہ کرنے کی طاقت اسی وٹامن کی وجہ سے ہوتی ہے کیونکہ اسی وجہ سے خون میں تریاق مرکبات تیار ہوتے ہیں- جو جراثیمی سمیت کو ختم کردیتے ہیں- بیماری کے ایام میں اس وٹامن کی زیادہ ضرورت پڑتی ہے جانوروں پر جب اس وٹامن کے تجربات کئے گئے تو پتہ چلا کہ یہ وٹامن سرطان کے مرض کو روکتا ہے سرطان پیدا کرنے والے عوامل کروموسوم کو نقصان پہنچا کر سرطان پیدا کرتے ہیں- انسانی خون کے سفید ذرات کی سرطان پیدا کرنے والے ایک عامل کے ساتھ جب نمو کی گئی تو ٹیسٹ ٹیوب کے ذریعے کروموسوم کی شکست و ریخت اور ٹوٹ پھوٹ دیکھنے میں آئی- لیکن جب اس میں وٹامن سی شامل کیا گیا تو کروموسوم کی ٹوٹ پھوٹ میں ۷ء۳۱ فیصد کمی ہوگئی- اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ وٹامن سرطان لاحق ہونے کے امکانات میں کمی لاتا ہے-

دراصل یہ تحقیق امریکہ میں کلیولینڈ کلینک میں کی گئی تھی اور جسے ۱۹۷۳ء میں ڈاکٹر لینس پالنگ نے پیش کیا تھا- ڈاکٹر پالنگ نے مسلسل تحقیق کے بعد بتایا کہ وٹامن سی ہمیں سرطان سے بچاتا ہے- اس کے علاوہ اس وٹامن کو مثانے کے ٹیومر سے محفوظ رہنے کے لئے بھی استعمال کرنے کی تجویز پیش کی-

سلاد کا استعمال ہمیں کافی مقدار میں وٹامن سی فراہم کرتا ہے- لیکن شرط یہ ہے کہ سلاد تازہ ہو- لیکن سلاد کا استعمال سارا سال ممکن نہیں ہوتا جبکہ سرطان پیدا کرنے والے عوامل سارا سال سرگرم عمل رہتے ہیں- لہذا اس مرض سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ روزانہ ایک گرام وٹامن سی ضرور کھائیں-

اسکاٹ لینڈ کے ایک سرجن ایوان کیمرون نے تجویز پیش کی ہے کہ وٹامن سی کا بڑی مقدار میں استعمال ان مریضوں کو بھی فائدہ پہنچا سکتا ہے- جنہیں سرطان کا مرض لاحق ہے اور کافی بڑھ چکا ہے- اس نے ایسے پچاس مریضوں کے نام بھی پیش کئے' جنہیں وٹامن سی کی بھاری مقدار استعمال کرائی گئی تھی اور اس طرح ان کا علاج کیا گیا تھا- یہ مریض شدید سرطان کا شکار تھے اور جس وقت وٹامن سی کا استعمال کرایا تھا اس وقت ان کا مرض بہت زیادہ بڑھ چکا تھا- اس سے قبل ان مریضوں پر سرطان کے دیگر علاج یعنی سرجری اور دوسری ادویات استعمال کی جاچکی تھیں-

ڈاکٹر کیمرون کا نظریہ سرطانی خلیات کے گرد مادے کو اہمیت دیتا ہے- اگر یہ مادہ سخت ہے تو سرطانی خلئے کو بڑھنے میں مشکلات پیش آئیں گی چنانچہ کیمرون کا نظریہ ہے کہ وٹامن سی اس مادے کو جوں کا توں یعنی اصل حالت میں برقرار رکھ کر سرطان کی افزائش کے عمل کو کافی حد تک سست کردیتا ہے-

وہ کھلاڑی جن کے جسم میں اس وٹامن یا حیاتین کی کمی ہوجائے وہ اپنی کارکردگی کو برقرار نہیں رکھ سکتے- کیونکہ پٹھوں کے سروں پر جو نسیں ہوتی ہیں وہ کمزور ہوجاتی ہیں-

برطانوی میڈیکل جرنل لانسٹ میں ان بیماریوں کا ذکر کیا گیا ہے جو اس وٹامن کی کمی سے لاحق ہوتی ہیں- وہ افراد جن کے جسم میں اس وٹامن کی کمی ہوتی ہے- ان کی خون کی نالیاں کمزور ہوجاتی ہیں اور خراب ہونے لگتی ہیں کیونکہ خون میں اس وٹامن کی مقدار گر جاتی ہے- اس طرح ذیابیطس کے مریض سب سے زیادہ نقصان اٹھاتے ہیں- کیونکہ انہیں اپنی خون کی نالیوں کو صحت مند رکھنے کے لئے وٹامن سی کی زیادہ مقدار کی ضرورت ہوتی ہے- وٹامن سی کا مسلسل استعمال خون کی نالیوں کو درست حالت میں رکھ کے دل کے دورے سے محفوظ رکھتا ہے-

گھٹیا کی بیماری میں بھی اس وٹامن کا استعمال فائدہ پہنچا سکتا ہے- جب گھٹیا کا مریض حیوانی اشیاء کا بہت زیادہ استعمال کرتا ہے تو اس کے جسم میں یورک ایسڈ بہت زیادہ مقدار میں پیدا ہوتا ہے اس بات کو سمجھنے کے لئے ہمیں پرندوں کے غذا کا جزو بدن بننے کے عمل کو یاد رکھنا چاہئے- پرندوں کا وزن کم ہونا چاہئے تاکہ انہیں اڑنے میں آسانی

ہو- لہذا ان کے جسم میں مثانہ نہیں ہوتا بلکہ فاسد مادے کو وہ لئی کی شکل میں چاک کی مانند سفید مادے کی شکل میں خارج کرتے ہیں- یورک ایسڈ اس میں موجود ہوتا ہے جب کہ دوسری جانب زمین پر رہنے والے دودھ پلانے والے جانوروں کے جسم میں مثانہ ہوتا ہے اور وہ اپنے جسم کے فاسد مادے کو پیشاب کی شکل میں خارج کرتے ہیں-

بدقسمتی سے کچھ انسانوں کے اس نظام میں خرابی آجاتی ہے اور ان کے جسم میں یورک ایسڈ بہت زیادہ بننے لگتا ہے- یعنی وہ مادہ جو پرندوں کے جسم میں ہوتا ہے وہ ان کے جسم میں بہت زیادہ بننے لگتا ہے اور جب یورک ایسڈ بہت زیادہ بننے لگتا ہے تو یہ ہڈیوں، جوڑوں اور گردوں میں قلموں کی شکل میں جمع ہونے لگتا ہے اور درد پیدا کرتا ہے اس طرح یورک ایسڈ گھٹیا کے دردوں کا سبب بنتا ہے-

اگر آپ کو گھٹیا ہے اور آپ وٹامن سی کھانا شروع کریں گے تو اس سے یورک ایسڈ کا اخراج بڑھ جائے گا- اس طرح فوری طور پر تو نہیں لیکن لمبے عرصے یہ بات آپ کے حق میں مفید ثابت ہوگی- کیونکہ اس کی وجہ سے جسم میں یورک ایسڈ کم رہ جائے گا اور اس کی وجہ سے گھٹیا کے دردوں کے حملوں میں کمی آجائے گی-

تاہم جب آپ اس وٹامن کو استعمال کرنا شروع کریں گے تو پیشاب میں یورک ایسڈ کی مقدار میں اچانک اضافہ ہوجائے گا اور گردوں میں بھی یورک ایسڈ کی پتھریاں بننے کا خطرہ ہوسکتا ہے- لہذا ضروری ہے کہ اس کے ساتھ پانی بہت پئیں- تاکہ پیشاب بالکل صاف آئے- اس طرح اس وٹامن کے ساتھ پانی کی کافی زیادہ مقدار کا استعمال آپ کے اندرونی نظام کو بالکل صاف کردے گا-

بعض افراد میں وٹامن سی کا استعمال پتھر پیدا کردیتا ہے- لہذا اس کے ساتھ مائع اشیاء اور پانی کا استعمال زیادہ ہونا چاہئے- اگرچہ پتھری پیدا کرنے والا مادہ تمام سبزیوں میں پایا جاتا ہے- پیشاب کے راستے ان مادوں کا ہمہ وقت اخراجات ہوتا رہتا ہے- لیکن اس کے باوجود بعض لوگوں کو اس وٹامن کا استعمال موافق نہیں آتا کیونکہ ان کے جسم میں Oxalates (گردوں کی پتھری کی عام قسم) زیادہ مقدار میں بننے لگتی ہیں- دوڑنے کے دوران پانی کی کمی بھی انہیں پتھریوں کے بننے کا سبب بنتی ہے- لہذا ہر حال میں پانی کو زیادہ استعمال میں رہنا چاہئے-

اگرچہ وٹامن سی بذات خود گردوں کی پتھری کا سبب نہیں بنتا لیکن کچھ لوگوں کے جسم میں پتھری بننے میں مدد ضرور کرتا ہے-

۱۹۷۰ء میں جب ڈاکٹر لینس پالنگ نے وٹامن سی کے متعلق اپنی کتاب شائع کی تو اس وٹامن کے استعمال کو بہت فروغ حاصل ہوا- ڈاکٹر پالنگ نے اس کتاب میں ہدایت کی ہے کہ اگر آپ محسوس کریں کہ نزلہ یا زکام ہونے والا ہے تو وٹامن سی یا Ascorbic Acid کی ایک گرام خوراک ہر گھنٹے بعد استعمال کریں اس طرح ایک دن میں دس گھنٹوں میں دس گرام خوراک استعمال کرنی ہوگی- اس کے علاوہ روزانہ عام زندگی میں ایک گرام خوراک کا استعمال آپ کو بیماریوں سے دور رکھے گا مگر اس کے ساتھ پانی کا استعمال زیادہ مقدار میں کریں-

بالکل یہی نظریہ کینیڈا کے شہر ٹورنٹو کے ڈاکٹر ٹیری اینڈرسن نے پیش کیا تھا- ڈاکٹر اینڈرسن نے اس وٹامن کے استعمال کے ساتھ ۴۰۷ موضوعات پر تحقیق کی اور وہ بھی اس نتیجے پر پہنچا تھا کہ اس وٹامن کا استعمال کئی بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے اور وائرس کے خلاف مدافعتی قوت پیدا کرتا ہے-

ہم میں سے بیشتر افراد ہر وقت مختلف قسم کے وائرس اپنے جسموں میں لئے پھرتے ہیں لیکن جب تک ہمارے جسم میں مدافعتی قوت موجود رہتی ہے اس وقت تک یہ ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے لیکن جیسے ہی ہم تھکتے ہیں یا کمزور پڑتے ہیں تکلیف کا آغاز ہوجاتا ہے اور تین دن کے بعد جسم میں پلا ہوا وائرس ہم پر قابو پالیتا ہے یا نیا وائرس بھی حملہ آور ہوسکتا ہے-

یاد رکھئے آپ جب بھی اسپرین استعمال کرتے ہیں اس کے استعمال کے ساتھ خون کی کچھ مقدار ضرور ضائع ہوجاتی ہے اور جتنی زیادہ مقدار میں اسپرین استعمال کریں گے اتنی ہی زیادہ مقدار میں پیٹ سے خون ضائع ہوگا- یہاں تک کہ اگر آپ کی نس میں بھی بذریعہ انجکشن اسے پہنچایا جائے تب بھی خون ضائع ہوگا- لیکن جب آپ اسے وٹامن سی کے ساتھ استعمال کریں گے تو جریان خون میں بڑھ جائے گا- اس سلسلے میں چوہوں پر تجربات کئے گئے تو صرف وٹامن سی کا استعمال بہت خطرناک ثابت ہوا- نیز وہ افراد جنہیں جریان خون یا پیٹ کی کوئی تکلیف ہے انہیں بھی اسپرین بالکل استعمال نہیں کرنی چاہئے-

کسی بھی قسم کی پریشانی، فکر اور تناؤ کیوجہ سے وٹامن سی کی ضرورت بڑھ جاتی ہے کام کی زیادتی کی وجہ سے جب سونے کا موقع کم ملے یا شریک زندگی سے لڑائی کی وجہ سے جسمانی یا ذہنی سکون ختم ہوجائے تب بھی اس وٹامن کی ضرورت بڑھ جاتی ہے ایسے حالات میں اس وٹامن کو ضرور استعمال کریں- اس کے علاوہ سگریٹ نوشی کی وجہ سے بھی جسم میں وٹامن کی کمی کا باعث بنتی ہیں- اس کے علاوہ آپریشن کی وجہ سے بھی جسم میں اس کی کمی ہوجاتی ہے-

وٹامن سی خون کی نالیوں میں خون کے سدے بننے سے روکتا ہے- اس کے استعمال سے خون گاڑھا نہیں ہوتا- وہ عورتیں جو سگریٹ پیتی ہیں اور مانع حمل ادویات بھی استعمال کرتی ہیں وہ خون بننے کی بیماری کا زیادہ شکار ہوتی ہیں- اس وٹامن کی کمی ہڈیوں جوڑوں اور خون کی نالیوں کو نقصان پہنچاتی ہے- چنانچہ اس کی اہمیت کے پیش نظر ہماری روزمرہ کی غذا میں اس حیاتین کو ضرور شامل ہونا چاہئے-

تبدیلی پتہ

پتہ کی تبدیلی کی فوری اطلاع دیا کریں ورنہ رسالہ گم ہوجانے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔

مجربات سنوسیؒ

تمام مہمات انجام پانے کے لئے

روایت ہے کہ جو شخص ہر روز سات مرتبہ فَاِنْ تَوَلَّوْ فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۵ پڑھے- خداوند تعالیٰ اس کی تمام دینی اور دنیاوی مہمات انجام کو پہنچائے- چاہے یہ سچے دل سے پڑھے یا جھوٹے دل سے تم دیکھو کہ یہ آیت کیسا بیش بہا ہیرا ہے کہ جس کے واسطے صدق دل کی بھی ضرورت نہیں- ورنہ اکثر اذکار کی تاثیر صدق دل پر موقوف ہیں- یہ ذکر تمام ذکر کرنے والوں کے واسطے بڑی رحمت کا موجب ہے اور تمام دنیاوی اور اخروی تفکرات و ہموم سے اس میں کفایت ہے- جس کو خدا اس کے پڑھنے کی توفیق دے- پھر اگر یہ پڑھنے والا توکل میں قدم نہیں رکھتا- تب بھی یہ نعمت ایسی ہے جس کا ادائے شکر انسان سے ممکن نہیں- یعنی اس کے پڑھنے کا ثواب- پس اول آخر اور ظاہر و باطن میں خدا ہی کے واسطے تعریف اور منت ہے-

زیادتی عمر کے واسطے

حضور ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا ''جو شخص یہ چاہے کہ اس کی عمر میں زیادتی ہو اور وہ دشمنوں پر غالب رہے اور اس کے رزق میں فراخی ہو اور بری موت سے محفوظ رہے پس صبح و شام اس کو تین بار یہ دعا پڑھنی چاہئے-

سُبْحَانَ اللّٰہِ مِلْءَ الْمِیْزَانِ وَمَبْلَغَ الْعِلْمِ وَمُنْتَھَی الرِّضْوَانِ وَزِنَۃَ الْعَرْشِ-

تحفظ بلا و آفت

اور صفر و حضر میں ہر ایک بلا و آفت سے محفوظ رہے گا یہ دعا تجربہ کی گئی ہے جو شخص اپنی جان و مال کا خوف رکھتا ہو اس کو پڑھنی چاہئے-

جَعَلْتُ نَفْسِیْ وَمَالِیْ وَجَمِیْعَ مَالِلّٰہِ عَلَیَّ مِنَ النِّعَمِ فِیْ حِمَی اللّٰہِ الَّذِیْ لَایُرَامُ وَفِیْ جِوَارِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایُخْضَرُ وَفِیْ نِعْمَۃِ اللّٰہِ الَّتِیْ لَاتُدْرَکُ وَفِیْ سَتْرِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایُھْتَکُ وَفِیْ جُنْدِ اللّٰہِ الْمَنِیْعِ وَفِیْ وَدَائِعِ اللّٰہِ الَّتِیْ لَاتُضِیْعُ وَجِوَارُ اللّٰہِ مَحْفُوْظٌ وَمَنِ اعْتَصَمَ بِہٖ فَھُوَ مَعْصُوْمٌ وَجَلَّ جَلَالُ اللّٰہِ وَلَایَخْوٗ مَکَانٌ مِنَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَشْرَقَ نُوْرَ اللّٰہِ وَظَھَرَ اَمْرُاللّٰہِ وَنَفَذَ حُکْمُ اللّٰہِ وَثَبَتَ عِزُّاللّٰہِ وَرَفَعْتُ الْبَلَاءُ وَالْاَعْدَاءُ بِلَا حَوْلَ وَقُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ- فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ حَسْبِیَ اللّٰہُ یَغْلِبُ کُلَّ شَیْءٍ لِلّٰہِ یَغْلِبُ کُلَّ شَیْءٍ اللّٰہُ الْقَاھِرُ اللّٰہُ الْغَالِبُ مُذِلُّ لِکُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ نَاصِرُ الْحَقِّ کَیْفَ کَانَ لَہُ الْحَوْلُ وَالْقُوَّۃُ وَالسُّلْطَانُ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ خَامِدُوْنَ-

دشمنوں کے دفیعہ کے لئے

دفع دشمنوں کے لئے یہ عمل بھی مجرب ہے- بشرطیکہ ہمیشہ اس پر مداومت و ملازمت کرے اور وہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کی سنتوں کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد الم نشرح اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ فیل پڑھا کرے- کسی دشمن کا کبھی اس پر قابو نہ چلے گا- امام غزالیؒ فرماتے ہیں یہ عمل نہایت مجرب اور صحیح ہے اور اس میں کچھ شک اور شبہ نہیں-

چور اور رہزن سے حفاظت کے لئے

دشمن و چور و راہزن وغیرہ سے حفاظت کے لئے اور ہر ایک برائی سے محفوظ رہنے کے لئے تجربہ کیا گیا ہے کہ جو خوف زدہ اسم خدائے تعالیٰ یا حفیظ کو ان آیات کے ساتھ پڑھے گا یا لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ کوئی ایسی بات نہ دیکھے گا جو اس کو بری معلوم ہو- آیت یہ ہیں-

نَااللّٰہُ خَیْرٌ خَافِظًا وَھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ لَہٗ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَمِنْ خَلْفِہٖ یَحْفَظُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِاللّٰہِ ۝ط اَنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّالَہٗ لَحَافِظُوْنَط اللّٰہُ حَفِیْظٌ عَلَیْھِمْ وَمَااَنْتَ عَلَیْھِمْ بِحَفِیْظٍ ۝ط وَاِنَّ عَلَیْکُمْ لَحَافِظِیْنَ ط وَھُوَالْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِہٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْکُمْ حَفَظَۃً ۝ط اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۝ط وَحَفِظْنَا ھَامِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ رَّجِیْمٍ ۝ط وَحِفْظًا مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ مَارِدٍ ۝ط وَحِفْظًا ط ذَالِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ط وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِھِمْ مُحِیْطٌ ۝ط بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَحْفُوْظٍ ۝ط

رحیم یار خاں
رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے
چوہدری امانت علی اینڈ سنز ریلوے روڈ

سورہ اور ان کے فضائل

سورت یسین

اگر کسی دشمن ظالم کے شر و فساد کو روکنا منظور ہو تو سات ۷ مرتبہ ان آیتوں کو پڑھنا دشمن کو تصور کر کے اس کی طرف دم کرنا نہایت مجرب ہے- آیتیں یہ ہیں- انا جعالنا فی اعنا قھم اغلالا فھی الا الاذقان فھم مقمحون o وجعلنا من بین ایدیھم سداومن خلقھم سدا فاغشینا ھم فھم لایبصرون o مشک زعفران سے ان آیتوں کا لکھ کر اپنے پاس رکھنا ہر ظالم کے شر سے محفوظ رکھتا ہے- اس آیت کا مشک عنبر سے لکھ کر مریض کے سرہانے تکیہ میں رکھنا نہایت کمزور مردہ صورت مریض کی شفا کے لئے نہایت مفید ہے آیت کریمہ یہ ہے- انا نحن نحی الموتی ونکتب ماقد مواو اثار ھم ط وکل شی اخصیناہ فی امام مبین اگر کسی باغ میں پھل نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر کم آتا ہو اس آیت مبارک کو تانبے کے پترے پر کندہ کرا کر باغ میں دفن کرنا یا کسی درخت کے اندر رکھنا نہایت مفید ہے- آیت یہ ہے- وایتہ لھم الارض المیتۃ احییناھا و اخر جنا حبا فمنہ یاکلون ہ وجعلنا فیھا جنات من نحیل واعناب و فجرنا فیھا من العیون ہ لیا کلوامن ثمرہ وما عملتہ ایدیھم افلا یشکرون o اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی ہو جائے وہ غرض مند تین ہزار تین سو تیرا مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس روز تک اس آیت کو پڑھے اور اول آخر میں جو درود اسے یاد ہو گیارہ گیارہ بار پڑھے آیت یہ ہے- سبحان الذی خلق الازواج کلھا مماتنبت الارض ومن انفسھم ومما لایعلمون ہ انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں مراد حاصل ہو گی عمل مجرب ہے- سخت سے سخت مریض کے لئے شفا کا حاصل کرنا منظور ہو تو سوا لاکھ مرتبہ اس آیت شریفہ کا ختم کرانا بے حد مفید اور مجرب ہے- اکیس سے زیادہ کا پڑھنے والے نہ ہوں- گیارہ سے کم نہ ہوں- سب کے سب وضو کریں پھر چار چار رکعتیں بطور صلاۃ توبہ کے پڑھ کر پھر آیت کریمہ کا ختم شروع کریں- مگر آیت کے شروع کرنے سے پہلے ہر شخص گیارہ گیارہ مرتبہ صَلَاۃُ اللّٰہِ وَ سَلَامُہٗ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ پڑھے پھر آیت کریمہ پڑھے اور وہ آیت یہ ہے سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَحِیْمٍ ہ خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے کسی مریض کا اسی آیت کو ہر وقت پڑھنا انشاء اللہ نہایت مفید ہے- دشمن کی زبان بند کرنے ظالم کی برائی سے محفوظ رہنے کسی زبردست سرکش، ظالم کو قدرتی طور پر عاجز اور لاچار کرنے کے لئے ان آیتوں کا ایک سو ایک مرتبہ گیارہ دن تک پڑھنا پھر اپنے مقصود کے حاصل ہونے کی دعا کرنا نہایت مفید مجرب ہے- آیتیں یہ ہیں- الیوم نختم علی افواھھم وتکلمنا ایدیھم و تشھد ارجلھم بما کانو ایکسبون o ولونشاء لطمسنا علی اعینھم فاستبقو الصراط فانی یبصرون o ولونشاء لمسخنا ھم علی مکانتھم فما استطاعوا مضیا ولایر جعون ہ کسی شوخ جانور کو مطیع کرنا اگر منظور ہو تب اس کے گلے میں اس آیت مبارک کا تانبے کے پترہ پر کندہ کرا کر ڈالنا مفید ہے- اولم یروانا خلقنا لھم مماعملت ایدینا انعاما فھم لھا مالکون o وذاللنھا لھم فمنھا رکو بھم ومنھا یا کلون ہ اگر کسی جانور کا دودھ خشک ہو گیا ہو اور کوئی چاہے کہ یہ جانور دودھ پورے طور سے دینے لگے سات دن تک چنے کے آٹے پر اکیس مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھ کر دم کر کے جانور کو کھلانا نہایت مفید عمل ہے- آیت شریف یہ ہے- ولھم فیھا منافع و مشارب افلایشکرون ہ واتخذوامن دون اللّٰہ الھۃ لعلھم ینصرون ہ لایستطیعون نصرھم و ھم لھم جند محضرون ہ سورت یسین شریف کا بیمار پر ایک مرتبہ روز پڑھ کر دم کرنا جلد شفا دیتا ہے- نزع کی حالت والے کو اس مبارک سورت کا سنانا جلد مشکل آسان کرتا ہے- رزق کی ترقی کے لئے یا جس کے اولاد نہ ہوتی ہو اولاد پیدا کرنے کے لئے تین مرتبہ اس مبارک سورت کا روزانہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے- اگر کوئی مسافر سفر میں اس سورت کو تلاوت کرے گا- مع الخیر اپنے گھر واپس آئیگا- زچہ کو چلہ کے ایام میں اس کا دم کیا ہوا پانی پلانا صحت کے لئے نہایت مجرب عمل ہے- حاملہ کو روز اس سورت کو پڑھ کر دم کر کے کھلانا مع الخیر حمل سے فارغ کرنے کے لئے عجیب و غریب اثر رکھتا ہے- الغرض یہ سورت قرآن مجید کا دل ہے- اس کا عمل دو جہاں کی مصیبتوں کے لئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے-

سورۃ القدر

اس سورۃ کا ماہ رمضان میں ایک سو تیرہ دفعہ روزانہ تلاوت کرنا انسان کو پاک باطن بناتا ہے- سر کے درد کے لئے اس مبارک سورۃ کا زعفران سے مریض کے ماتھے پر لکھنا درد کو دور کرتا ہے- حققان کو دور کرنے کے لئے اس مبارک سورۃ کا تین مرتبہ چنبیلی کے پھول پر پڑھ کر دم کرنا- پھر پھول کو دیر تک سونگھنا چالیس ۴۰ روز تک برابر دن میں تین مرتبہ ایسا ہی کرنا نہایت مفید ہے-

ماہ ستمبر

نام ایام	ستمبر ۲۰۱۸ء	ذوالحجہ ۱۴۳۹ھ	بھادوں ۲۰۷۵ب	مقسومی نمبر	توقیعات	درجہ برج	عین وقت	شمس در سنبلہ	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالت
ہفتہ	۱	۲۰	۱۶	۳				۱۰			ہقعہ	۲۱:۴۲		
اتوار	۲	۲۱	۱۷	۴				۱۱	جوزا	۱۳:۰۱	ہنفہ	۲۰:۳۶		فرح
پیر	۳	۲۲	۱۸	۵				۱۲			ذراعہ	۱۹:۰۱	◓	تربیع دوم
منگل	۴	۲۳	۱۹	۶				۱۳	سرطان	۱۷:۰۳	نثرہ	۱۷:۰۳		ترفع
بدھ	۵	۲۴	۲۰	۷				۱۴			طرفہ	۱۴:۳۷		
جمعرات	۶	۲۵	۲۱	۸	یوم حضرت عمر فاروقؓ یوم دفاع زحل مستقیم، عطارد در سنبلہ			۱۵	اسد	۱۸:۵۳	جبہۃ	۱۱:۵۲		
جمعہ	۷	۲۶	۲۲	۹				۱۶			زہرہ	۸:۵۰		
ہفتہ	۸	۲۷	۲۳	۱				۱۷	سنبلہ	۱۹:۲۸	صرفہ	۵:۳۹		اوج
اتوار	۹	۲۸	۲۴	۲	زہرہ در عقرب			۱۸			عوا سماک	۲:۲۳ ۲۳:۱۳	●	اجتماع
پیر	۱۰	۲۹	۲۵	۳				۱۹	میزان	۲۰:۱۹	غفرہ	۲۰:۱۹		
منگل	۱۱	۳۰	۲۶	۴	مریخ در دلو، وفات قائد اعظمؒ نیا چاند ☾			۲۰			زبانہ	۱۷:۴۶		
بدھ	۱۲	محرم	۲۷	۵	یکم محرم ۱۴۴۰ھ، قمر در عقرب			۲۱	عقرب	۲۳:۱۴	اکلیل	۱۵:۴۶		ہبوط
جمعرات	۱۳	۲	۲۸	۶	شرف عطارد			۲۲			قلب	۱۴:۲۴		
جمعہ	۱۴	۳	۲۹	۷				۲۳			شولہ	۱۳:۴۶		
ہفتہ	۱۵	۴	۳۰	۸				۲۴	قوس	۵:۴۴	لغائم	۱۳:۵۱		طرح
اتوار	۱۶	۵	۳۱	۹				۲۵			بلدہ	۱۴:۴۰		
پیر	۱۷	۶	اسوج	۱				۲۶	جدی	۱۶:۰۶	ذابح	۱۶:۰۶	◒	وبال تربیع اول
منگل	۱۸	۷	۲	۲				۲۷			بلعہ	۱۷:۵۸		
بدھ	۱۹	۸	۳	۳				۲۸			سعود	۲۰:۰۸		
جمعرات	۲۰	۹	۴	۴	نویں محرم			۲۹	دلو	۴:۵۱	اخبیہ	۲۲:۱۶		
جمعہ	۲۱	۱۰	۵	۵	عاشورہ			۳۰						
ہفتہ	۲۲	۱۱	۶	۶	عطارد در میزان			۳۱	حوت	۱۷:۲۶	مقدم	۰۰:۱۷		حضیض
اتوار	۲۳	۱۲	۷	۷	شمس در میزان ۲۳			میزان			موخر	۱:۵۷		
پیر	۲۴	۱۳	۸	۸				۲			رشا	۳:۱۲		
منگل	۲۵	۱۴	۹	۹				۳	حمل	۴:۰۳	شرطین	۴:۰۳	○	استقبال
بدھ	۲۶	۱۵	۱۰	۱				۴			بطین	۴:۲۴		
جمعرات	۲۷	۱۶	۱۱	۲	شرف قمر			۵	ثور	۱۲:۱۵	ثریا	۴:۲۲		شرف
جمعہ	۲۸	۱۷	۱۲	۳				۶			دبران	۳:۵۴		
ہفتہ	۲۹	۱۸	۱۳	۴				۷	جوزا	۱۸:۲۵	ہقعہ	۳:۰۸		فرح
اتوار	۳۰	۱۹	۱۴	۵				۸			ہنفہ	۲:۰۰		

کیا آپ کا برج سنبلہ ہے؟

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے۔

سنبلہ' کنواری لڑکی' دائرۃ البروج کا چھٹا برج ہے جو آدمی کی اس خیالی اور مثالی عورت کی نمائندگی کرتا ہے جس کی جوانی کا آغاز ہی ہوا ہے اور جو حیادار اور پاکدامن ہے۔ اس کے ہاتھ میں گیہوں کی بالی ہے جو اس کی بارآوری کی علامت ہے۔ یہ برج زمین کی ایک دیوی ہے جو اس وقت آتی ہے جب فصلوں کے پکنے کا وقت ہوتا ہے اور کسان اس کی کٹائی کرتا ہے۔ زندگی میں اس کا مقصد دوسروں کی خدمت کرنا ہوتا ہے۔ یہ کنواری لڑکی ہے۔ گھر کی بیٹی ہے جو اپنے والدین کی دیکھ بھال کرتی ہے اور ان کی محبت میں اکثر شادی نہیں کرتی۔

دائرۃ البروج کا یہ چھٹا برج ذوجسدین خاکی برج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس برج سے متعلقہ افراد کا نقطۂ نظر عملی ہوتا ہے اور یہ جن کے لئے کام کرتے ہیں ان کی ضرورت کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ ہمہ وقت مصروف رہنا پسند کرتے ہیں اور جو کام کرتے ہیں اس سے متعلق تمام تفصیلات کا پتہ چلانے میں بڑی ماہر ہوتے ہیں یہ ''باس'' بننا پسند نہیں کرتے۔ لمبی چوڑی مگر غیر واضح اسکیمیں جو اسدی افراد کا خاصا ہوتی ہیں ان کے لئے بالکل غیر دلچسپ ہوتی ہیں۔ انچارج بننا انہیں خوف زدہ کر دیتا ہے۔ بلکہ یہ اس راستے پر چلنا پسند کرتے ہیں جو ان کے لئے بنایا جاتا ہے۔ مقرر کیا جاتا ہے۔ یہ احکامات لینا اور اس کے مطابق پوری احتیاط سے کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ اگر انہیں اپنے کام کا خاکہ پتہ چل جائے تو بڑی مہارت اور خوبی سے اس میں تمام تفصیلات پُر کر سکتے ہیں۔ سنبلہ سے متعلقہ افراد کی مخلصانہ خدمت پر پوری طور پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔

سنبلہ سے متعلقہ آدمی کام کے بے حد شوقین ہوتے ہیں۔ مصروف رہنا پسند کرتے ہیں اور وہ سارے کام جو یہ کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے دن بھر کا وقت بھی کم پڑ جاتا ہے۔ اگر صبح سے لے کر رات گئے تک انہیں مصروف رہنا پڑے تو بے حد خوش رہتے ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ سنبلہ سے متعلقہ مرد و عورت ہر دو شرمیلے ہوتے ہیں اور اپنی ذات تک ہی محدود رہنا چاہتے ہیں۔ شدید جوش اور جذبات سے یہ بڑے خوف زدہ ہوتے ہیں۔ جذباتی باتیں انہیں پریشان کر دیتی ہیں۔ انہیں جذبات کی رو میں بہہ جانے سے خوف آتا ہے۔ جہاں تک ممکن ہو سکے یہ اپنی زندگی میں اصول اور ڈسپلن چاہتے ہیں اور اپنی زندگی خود اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہتے ہیں۔ انہیں شہرت کی بالکل پرواہ نہیں ہوتی۔ لوگوں کا یہ مشورہ کہ انہیں اپنی خدمات سے لوگوں کو آگاہ کرنا چاہئے انہیں سخت ناپسند آتا ہے۔ دراصل سنبلہ سے متعلق افراد اپنی خوبیوں کو اپنی ذات تک ہی محدود رکھنا چاہتے ہیں اور یہ بات اپنے اندر کچھ کم خوبصورتی نہیں رکھتی۔

سنبلہ سے متعلقہ افراد ہمیشہ صاف ستھرے رہتے ہیں۔ لباس کے انتخاب میں بہت سادہ اور عمدہ ذوق کے مالک ہوتے ہیں۔ بال صفائی سے بنے ہوئے۔ کپڑے صاف ستھرے اور استری کئے ہوئے ہوتے ہیں۔ اگر انہیں یہ محسوس ہو کہ انہوں نے تمام جزئیات کا خیال نہیں رکھا ہے اور غور و خوض اور احتیاط سے کام نہیں لیا ہے تو یہ بات انہیں ناخوش کر دیتی ہے۔

گھر میں بھی ان کا رویہ یہی ہوتا ہے۔ سنبلہ سے متعلقہ شادی شدہ عورت کے گھر میں ہر چیز کا ایک مقام ہوتا ہے۔ گھر میں ہر جگہ کے لئے ایک چیز اور ہر چیز کے لئے ایک جگہ ہوتی ہے۔ یہ ہر بہترین چیز پسند کرتی ہیں۔ مگر یہ ضروری نہیں کہ وہ بہت چمک دمک والی ہو۔ کسی چیز کی عمدگی' نفاست اور پائیداری کا اندازہ ان سے بہتر طور پر کوئی نہیں لگا سکتا۔ اگر آپ انہیں کوئی تحفہ دیں تو یہ سوچ کر اپنے آپ کو ہرگز دھوکہ نہ دیں کہ انہیں اس کی قیمت کا اندازہ نہ ہو سکے گا۔ یہ بہترین ذوق کی مالک ہوتی ہیں یہ بڑی اور بھڑک دار چیزوں کے مقابلے میں چھوٹی اور قیمتی چیزیں پسند کرتی ہیں۔

اسدی عورتوں کے برعکس سنبلہ سے متعلقہ عورتیں دوسروں پر اپنی امارت کا رعب ڈالنا پسند نہیں کرتیں۔ ان کا گھر سادگی کا نمونہ ہوتا ہے لیکن ہر چیز بہترین کوالٹی کی ہوتی ہے۔ یعنی کوالٹی کے لحاظ سے بہتر سے بہتر چیز جو یہ خرید سکتی ہیں ان کے گھر میں نظر آتی ہے۔ جن لوگوں کا انتخاب کرتی ہیں وہ بھی اکثر بہت ہلکے ہوتے ہیں۔ لیکن مجموعی طور پر ماحول سے ہم آہنگ ہونے والے ہوتے ہیں۔ گھر میں ڈھونڈے سے بھی گندگی نہیں ملتی۔ اگر انہیں گھر کا کوئی حصہ اچھی اور صاف ستھری حالت میں نہ ملے تو یہ بہت ناخوش ہوتی ہیں۔ یہی صورت حال بچوں کے معاملے میں بھی روا رکھتی ہیں۔ بچوں کو صاف ستھرا رہنے کی تربیت دیتی ہیں۔ (ان کے

دائرۃ البروج	یہ چھٹا برج ہے
عرصہ پیدائش	اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳ (اندازاً)
عنصر	خاکی
ماہیت	ذوجسدین
حاکم ستارہ	عطارد
برج کی علامت	کنواری لڑکی

بچے عموماً کم ہی ہوتے ہیں) اور انہیں یہ بھی سکھاتی ہیں کہ اگر روٹی یا کھانے کے ٹکڑے قالین پر گر جائیں تو انہیں فوری صاف کریں اور اپنے آپ کو اور اپنے کپڑوں کو بے داغ حالت میں رکھیں- کپڑوں میں اگر سوراخ ہو جائیں یا کپڑے پھٹ جائیں تو انہیں پہننے کی اجازت نہیں دیتیں- بلکہ صفائی سے انہیں رفو کیا جائے اور اگر بٹن ٹوٹ گئے ہیں تو انہیں لگایا جائے اس کے بعد انہیں استعمال کیا جائے-

سنبلہ سے متعلقہ افراد ملنسار ہوتے ہیں- بے حد ذہین ہوتے ہیں اور ہر ایک سے دوستی کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں- مگر یہ بالکل نہ سوچیں کہ آپ انہیں اپنے اونچے خاندان کی داستانیں سنا کر دھوکہ دے سکیں گے- اس لئے کہ سنبلہ سے متعلقہ افراد ہر شخص کو دیکھتے ہی اس کی بالکل صحیح سماجی سطح کا اندازہ لگا لیتے ہیں- دو چار باتوں ہی میں یہ جان لیتے ہیں کہ یہ شخص کیسے خاندان سے تعلق رکھتا ہے اپنے تمام تر دوستانہ عادات کے باوجود یہ بے حد تنقید کرنے والے ہوتے ہیں اور چند باتیں ہی ایسی ہوتی ہیں جو ان کی نگاہوں سے چھپ سکتی ہیں- یہ فوراً ہی مقابل کی کمزوریوں کو بھانپ جاتے ہیں-

سنبلہ سے متعلقہ افراد کی تنقید کی صلاحیت ان کی خوبی بھی ہے اور خامی بھی ہے- اکثر مشہور نقاد اسی برج کے تحت پیدا ہوئے ہیں اور دنیا کے اکثر مشہور ادیب مثلاً ٹالسٹائی اور گوئٹے بھی اسی برج کی پیدائش ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے لفظوں کے بہترین استعمال کی صلاحیت ملتی ہے اور جب یہ لکھتے ہیں تو لفظوں کا استعمال بڑی احتیاط سے اور ایسی مہارت سے کرتے ہیں گویا نگینے جڑ رہے ہیں- یہ اپنے ہاتھوں کا استعمال بھی بڑی بہترین انداز میں کرتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے کام سلیقے سے کرنا پسند کرتے ہیں- نازک مشینری مثلاً دیوار گیر اور دستی گھڑیوں میں بڑی دلچسپی لیتے ہیں- سنبلہ سے متعلقہ افراد جس کام میں بے حد دلچسپی لیتے ہیں وہ ہے لائبریری میں کام کرنا- لائبریری کے خاموش اور پُرسکون ماحول سے انہیں عشق ہوتا ہے- جہاں وہ اپنے کام کو سکون و اطمینان سے اور نہایت عمدگی سے انجام دے سکتے ہیں-

سنبلہ چونکہ خاکی برج ہے لہذا سنبلہ سے متعلقہ افراد باغبانی کے بے حد شوقین ہوتے ہیں اور عموماً خاص نوعیت کی باغبانی کرتے ہیں- ایسے نایاب قسم کے پودے یا سبزیاں لگانا پسند کرتے ہیں- جن کے متعلق شاید ہی کسی نے کچھ سنا ہو یا پھر بڑی ذائقہ دار سبزیاں اگانا پسند کرتے ہیں- چھوٹا سا باغ جس کی یہ خود ہی دیکھ بھال کر سکیں پسند کرتے ہیں- ان کا باغ عموماً اس قسم کا ہوتا ہے کہ جس میں ہر قسم کے پودے کی ایک مخصوص جگہ ہوتی ہے-

سنبلہ سے متعلقہ افراد جسمانی لحاظ سے شاذ و نادر ہی مضبوط ہوتے ہیں- چونکہ یہ کمال کے متلاشی ہوتے ہیں- لہذا اسی تلاش میں یہ اپنی جسمانی کمزوریوں سے اس انداز میں واقفیت حاصل کر لیتے ہیں کہ دیگر جسمانی لحاظ سے مضبوط بروج سے تعلق رکھنے والے افراد بھی جان نہیں پاتے- سنبلہ سے متعلقہ افراد بے حد نروس ہو جانے والے ہوتے ہیں اور اپنے متعلق بے حد فکر مند ہوتے ہیں- انتہائی حالات میں یہ ہر صبح اپنی زبان کا تفصیلی معائنہ کرتے ہیں اور اگر کوئی آپریشن ہو چکا ہے تو اس جگہ کا تفصیلی معائنہ کرتے ہیں کہ کوئی خرابی تو نہیں ہو گئی- اگر آپ ان کا حال پوچھ بیٹھے تو ان کا جواب ہمیشہ یہی ہوگا- ''ٹھیک نہیں ہوں'' یہاں تک کہ بعض اوقات تو انسان یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اگر یہ کبھی اچانک صحت یاب ہو گئے تو ان کے پاس کرنے یا سوچنے کے لئے کیا رہ جائے گا-

برج سنبلہ دائرۃ البروج کا چھٹا برج ہے جس کا تعلق صحت کے معاملات سے ہے- چنانچہ اس برج سے متعلقہ افراد غذا میں بے حد دلچسپی لیتے ہیں- بعض افراد تو دن میں ہر گھنٹے میں کم از کم ایک بار ضرور متوازن غذا کے متعلق سوچتے یا پڑھتے ہیں-

صحت کو بہتر بنانے والی تمام ممکنہ چیزوں کو استعمال کرنا چاہتے ہیں اور ہر لحاظ سے بہترین صحت کے مالک بننا چاہتے ہیں- مگر ان کی یہ خواہش کبھی پوری نہیں ہوتی- سنبلہ سے متعلقہ افراد کا رجحان فطرتاً طب اور شفا بخشی کی طرف ہوتا ہے-

ان میں اکثر افراد دوسروں کو فیض پہنچانے کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر دیتے ہیں- یہ عموماً ہسپتالوں اور کلینک میں کام کرتے نظر آتے ہیں- قدرتی طریقوں کے ذریعے شفا بخشی میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں- دراصل شفا بخشی کے تمام طریقوں میں گہری دلچسپی لیتے ہیں- یہ جہاں بھی ہوتے ہیں وہاں بیماروں کی مخلصانہ خدمت کرتے ہیں اور اس طرح خود اپنے آپ کو تندرست رکھتے ہیں- جب تک یہ کام میں مصروف رہتے ہیں- یہ اپنے آپ کو اہم تصور کرتے ہیں اور خوش رہتے ہیں- اس برج سے متعلقہ افراد دراصل ''دنیا کے خادم'' ہوتے ہیں اور جب اس برج سے متعلقہ افراد ایکا کر لیں تو ان سے زیادہ باقوت کوئی اور نہیں ہوسکتا اور اگر یہ اسٹرائک پر چلے جائیں تو دنیا کا کام ٹھپ ہو جائے-

شادی کے معاملے میں بے حد انتخاب کے بعد فیصلہ کرتے ہیں- کیونکہ یہ جذبات کا بے قابو ہونا اور ڈرامہ بازی سخت ناپسند کرتے ہیں- لہذا فیصلہ کرتے وقت دل کے بجائے دماغ سے کام لیتے ہیں-

سنبلہ سے متعلقہ لڑکیاں توقع رکھتی ہیں کہ شوہر کا گھر بہت اچھا ہوگا- تاہم یہ زیادہ بچے ناپسند کرتی ہیں- تاہم بچوں کی تربیت بہت اچھی طرح کرتی ہیں- ان کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ بچے جب عملی زندگی میں قدم رکھیں تو بڑے شاندار انداز میں رکھیں- شوہر سے ان کے تعلقات صرف ضرورت کی حد تک محدود رہتے ہیں اور ان تعلقات میں ایک قسم کی سرد مہری پائی جاتی ہے- تاہم یہ اس سے محبت کرتی ہیں- شادی کے معاملے میں اپنے مخالف برج حوت سے متعلقہ افراد میں دلچسپی لیتی ہیں- تاہم حوتی شوہر ان کی ہر معاملے میں اصول کو مدنظر رکھنے کی عادت کے باعث بہت سے مسائل پیدا کر دیتا ہے اور شوہر جب زندگی کے اہم معاملات پر ان سے گفتگو کرتا ہے تو انہیں خاصا مشکل اور سخت پاتا ہے- سنبلہ سے متعلقہ افراد دیگر خاکی بروج یعنی جدی اور ثور سے متعلقہ افراد میں بھی دلچسپی محسوس کرتے ہیں- سنبلہ سے متعلقہ افراد کی جفاکشی کی خوبی اور دانشمندی ان دونوں خاکی بروج سے متعلقہ افراد کے لئے بے حد قابل قدر ثابت ہوتی ہے-

عمل دفع درد

درد جو اکثر سردی یا ریاح وغیرہ سے کندھے یا ٹانگ یا پسلی وغیرہ میں ہوتا ہے جس سے اٹھنا بیٹھنا مشکل ہو یا ہے- اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے-

'' بَنَشُ کھائے باندری کہ آدھا پھل کھائے اور ہانک دیو محمد ﷺ کہ چنگا کرے خدائے ''

اس کو سورج یا چاند گرہن میں ایک سو ایک بار پڑھ لیں- جب ضرورت ہو تو درد کی جگہ کو پکڑ کر تین بار یا پانچ بار پڑھیں اور دم کریں اور مریض سے پوچھیں کہ اب درد کہاں ہے- یا کتنا کم ہوا- جہاں بتائے پھر پڑھیں اور دم کریں- درد اسی وقت جاتا رہے گا اور مریض جو جھک نہیں سکتا تھا- آسانی سے اٹھنے بیٹھنے لگے گا- ہر سال کسی نہ کسی گرہن میں اس کی تجدید کرنی پڑے گی- اس کی عام اجازت نہیں بلکہ اجازت حاصل کرنا ہوگی اور اجازت کے لئے نام معہ والدہ روانہ کریں-

تحفظ جان

جس شخص کے پاس یہ تعویذ ہوگا- وہ جادو' نظر بد' جنات' بھوت' پری' سوتے میں ڈر' وسواس شیطانی' دہشت اور حادثات سے محفوظ رہے گا- گھر کی نااتفاقیاں' جو بداثرات کی وجہ سے ہونگی- وہ بھی ختم ہو جائیں گی-

ہدیہ نقش =/۲۵۰۱ روپے-
محصولڈاک =/۵۵ روپے علاوہ
مینجر روحانی دنیا کراچی

تسدیس شمس و زحل

مشکلات دینوی سے نجات حاصل کرنے کے لئے خواہ وہ کسی بھی قسم کی کیوں نہ ہوں تسدیس شمس وزحل میں عمل کریں اس سال یہ نظر ۱۶ اکتوبر کو شام ۴ بجکر ۱۲ منٹ پر قائم ہوگی- اس وقت سے فائدہ اٹھانے کے لئے اور دفع امراض' دفع وبا' دفع بلا' دفع دشمن' دفع مصائب اور ناگہانی حادثہ یا خوف سے بچنے کے لئے ایک موثر طریقہ بیان کرتا ہوں- جو شخص جس مقصد کے لئے کرے گا کبھی ناکام نہ رہے گا-

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم - اَلبَاطن اکیس تسبیح طعام یا آب شیریں پر پڑھ کر دم کریں اور تمام اہل خانہ کو کھلائیں- انشاء اللہ اس اسم معظم کی برکت سے تمام گھر والے پناہ میں آجائیں گے اور کوئی بلا یا علت ان تک نہ پہنچ سکے گی-

یہ عمل کسی بھی وقت شمس وزحل کی تثلیث قائم ہونے پر کیا جاسکتا ہے-

تبدیلی پتہ

پتہ کی تبدیلی کی فوری اطلاع دیا کریں ورنہ رسالہ گم ہو جانے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا- تبدیلی پتہ کی اطلاع کے ساتھ خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں-

ماہ ستمبر کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل۔ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل ۔ع ۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ عزت میں اضافہ ہوگا- اہم اور بارسوخ افراد سے ملاقات ہو گی۔ان کو متاثر کرنا مشکل نہ ہوگا اور اگر اس وقت جارحانہ رویہ اختیار کرنا موافق ثابت ہوگا-

مریخ زائچے کے گیارہویں گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں' گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں۔ ان کی وجہ سے یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا-اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کر کے اور اپنے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ افراد جو سماجی اصلاحات و سیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا- چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہیں گھبرائیں- بلکہ آگے بڑھانے کی کوشش کرنی چاہئے ان تمام معاملات کے لئے ۲'۱۰'۱۵'۲۰'۲۵'۳۰ تاریخ موافق ثابت ہوگی- تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے۔۶'۱۲'۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں-

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہو گی- گفت وشنید کے ذریعے حل نکال سکیں گے' نئے عزم اور تعلقات کا اضافہ ہوگا' اچانک کسی فرد کی طرف سے پیشکش ملے گی- باحیثیت افراد کے ذریعے مالی پوزیشن کو بہتر بنائیں- شراکت داری کے امور میں اچانک نئے لوگوں سے روشناسی ہو گی اور اپنے کاروبار کو وسیع کرنے کے لئے نئے معاہدات کریں -ان دنوں کام سے متعلق حتمی فیصلہ کیا تو اس کے بہتر نتائج دیکھیں گے-

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہو گی- یہ وقت کاروباری معاہدات' قانونی مشورہ' تحریری کاموں کو مکمل کروانے اور باحیثیت لوگوں سے رابطہ قائم کرنے میں مددآور ثابت ہوگا-ایسے کام جن میں بڑی سرمایہ کاری کی ہوئی ہے،اس سے متعلقہ حسابات اور منافع سے متعلق معلومات رکھیں- سفر اور سیر وتفریح کے لئے موزوں' گھر اور زمین کی خریداری کے لیے معلومات اکھٹی کریں- روحانی علوم اور مطالعہ سے ذہنی سکون حاصل ہوگا-

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہیگا- اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہو گا-۲۴ تاریخ کو طالع کے مقابل آجائے گا-قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے ہونگے' میل جول بڑھے گا اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر اپنی قابلیت کو بڑھا سکیں گے-امیدوں کی تکمیل جلد ہوگی-اس ماہ سفر بھی خوشگوار ثابت ہونگے- تحریری کام' اخبارات ورسائل کے ذریعے ادبی حلقوں میں شامل ہوسکیں گے -اس وقت آپ کی سوچ الگ طرح سے کام کرے گی- اس وقت قسمت کے نمبر، بانڈ کے نمبر، جوا، سٹہ اور بیرونی کرنسی کے حصول میں دلچسپی لیں گے اور اس میں انوسمنٹ کر کے اپنے مال و اسباب کو بڑھانے کی کوشش فائدہ دیں گی- عطارد کی موجودگی میں جو خط وکتابت ہوگی اس کا جواب ضرور ملے گا-ملازمین کے ساتھ رابطے کام کی رفتار کو تیز کردیں گے- ذہنی وجسمانی قوت کو بڑھانے کی ضرورت ہوگی- عطارد ۴'۹'۱۴'۱۹'۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا-

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہو گی-

قریبی رشتہ داروں کا آنا جانا ہوگا۔ اپنے مطلب کے لئے زیادہ مہربان واقع ہونگے۔ تحریری معاہدوں، کاروبار کو وسیع کرنے یا کسی شخص کے ساتھ مل کر شراکتی بنیادوں پر کام شروع کر رہے ہیں۔ تو اس وقت جو بھی معاہدہ ہوگا وہ خرابی کا باعث بنے گا۔ قریبی شخص گھر والوں کی سوچ و خیالات کو تبدیل کرے گا اور کام کو الگ کرنے کا مشورہ دے گا۔ لہذا دوسروں کے سکھائے ہوئے سبق کے ذریعے نقصان اٹھائیں گے۔

ستارہ زہرہ ۱۰ تاریخ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے کچھ مشکلات لائے گا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کا انتخاب کریں۔ زہرہ جب آٹھویں گھر میں داخل ہو گا تو ہر قسم کی گفت شنید اور بحث مباحثے مصروفیت پیدا کریں گے۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر یہی ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں معاہدہ کریں۔

اس ماہ آپ کی شخصیت میں نمایاں تبدیلی نظر آئے گی۔ کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اہم شخصیات سے ملنے کا موقع ملے گا۔ گھر میں کسی فرد کی خوشی دیکھنے کو ملے گی۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اس کے بعد ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی۔ لیکن مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں انہیں بہت محنت کرنی پڑے گی۔ وہ افراد جنہیں کام اور روزگار کے معاملات میں مشکل حالات کا سامنا ہو رہا ہے یا وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی لیکن ان کو کوئی پزیرائی نہیں ملے گی۔ زہرہ بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کے ماحول میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس وقت گہرے جذباتی تضادات بھی ابھر کر سامنے آسکتے ہیں۔ آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کی طرف رہے گی۔ ان دلچسپیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا ان میں تبدیلی لانے کی کوشش ہے تو یہ وقت اس مقصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ سوشل زندگی میں سرگرمی آئے گی اور جوش پیدا ہو جائے گا۔ سیر و تفریح پر جانے اور لوگوں سے ملنے، نئے دوست بنانے اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملے گا۔ چنانچہ اس ماہ کی ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ از سر نو تعلقات قائم کریں۔ اپنی بات کا اظہار جس خیال سے کریں گے وہ بات پوری ہو جائے گی۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ تاہم رشتہ داروں کے ساتھ سفر کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھنے کا موقع ملے گا اور ہوسکتا ہے کہ بہت سی باتیں کھل کر سامنے آئیں۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ کاروباری معاہدات یا روپے کے حصول کے لئے لوگوں کے ساتھ ملاقات ہوگی۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کے ساتھ تعلقات قائم ہونگے۔ اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے مالی تعاون حاصل ہوگا اور قانونی مشکلات پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ نئے کاروبار یا شراکتی بنیادوں پر قائم معاہدات میں فائدہ ملے گا۔

ستارہ عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اس کے بعد پانچویں گھر میں آجائے گا۔ ۲۴ تاریخ کو چھٹے گھر میں آجائے گا۔ اس کی موجودگی گھر اور گھر کے مسائل حل کرنے، والدین کے ساتھ مل کر گھر کی حالت بہتر بنانے کی کوشش با آور ثابت ہوگی۔ اگر گھر تبدیل کر رہے ہیں یا کسی جگہ کی خریداری کر رہے ہیں تو بہتر وقت ملے گا اور گھر والوں کے لئے بہتر آسائش مہیا کرسکیں گے۔ اس ماہ ذہنی بے چینی ہوگی، ہر طرح سے زندگی میں تبدیلی لانا چاہیں گے۔ زمین اور جائیداد کر خرید و فروخت کر کے بہت کچھ حاصل کر سکیں گے۔ اس ماہ بحث مباحثہ اور الفاظ کے جادو سے اور اپنا پن دیکھا کر خریداروں کے دل مول لیں گے۔ اس ماہ خط یا خبر سے خوشی ملے گی تو سفر کرنے پڑیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ کسی شعبے میں داخلہ لیں۔ محبت کے معاملات ہوں یا قسمت بدلنے کے، کسی کھیل یا انعامی اسکیم میں حصہ لینے کے، روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات بنائے گا۔ ان دنوں تحریری امور، پبلشنگ کے کام میں لوگوں کی مدد حاصل رہے گی۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ یہ دن شراکتی امور اور خاندانی جائیداد سے متعلق جھگڑا لائے گا۔ کسی شخص کے اچانک حادثہ کی وجہ سے پریشانی ملے گی اس ماہ سفر ہونگے لیکن وہ خوشی کا باعث نہ ہونگے۔ قانونی معاملات پریشانی کا سبب بنیں گے۔ ان دنوں اہم کاغذات اور روپے کی چوری یا گم ہونے کی صورت میں پریشانی آسکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ کسی بھی کام میں بغیر سوچے سمجھے شمولیت اختیار نہ کریں نہ ہی اپنی رقم سے کسی نئے کاروبار میں حصہ لینے کی کوشش کریں۔

مریخ وتد السماء پر ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ کیریئر سے متعلق جو آفر ملے اس پر ضرور نظر ثانی

کریں۔ چونکہ یہ مالی معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے اس ماہ آمدنی میں اضافے کا امکان کم ہے اگر آپ کا ذاتی کاروبار ہے تو یہ ماہ اثاثوں میں اضافے اور کاروبار کو وسعت دینے اور نئے راستے تلاش کرنے کے لئے زائد محنت کرنی پڑے گی۔ معاملات کو نفع بخش اور کارگزار بنیادوں پر قائم کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ زیادہ خود مختاری کے خواہاں ہیں اور کام کے معاملات میں زیادہ آزادی چاہتے ہیں تو اب کواکبی قوتیں آپ کی موافقت میں نہیں ہیں گذشتہ کچھ ماہ سے جو خیالات اور اسکیمیں زیر غور ہیں اب جلد انہیں عملی جامہ پہنانے کا موقع مل جائے گا۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخوں کو محتاط رہنا ہوگا۔ کسی قریبی شخص کے ساتھ تکرار یا حادثہ ہونے کا امکان ہے۔

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:۔ ک۔ق

پیدائش:۔ مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ آپ ترقی کرنے میں غیبی مدد حاصل ہوگی۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اس ماہ اپنی کوششوں کا آغاز کردیں۔

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے تیسرے گھر میں رہے گا اس کے بعد چوتھے گھر میں آجائے گا۔ ۲۴ تاریخ کو پانچویں گھر میں آجائے گا۔ رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان کئی معاملات حل ہوجائیں گے۔ ضرورت سے زائد کام کو فوری طور پر مکمل کرنے کا رجحان رہے گا۔ والدین سے متعلقہ جائیداد اور روپے کے حسابات رکھنا بہتر رہے گا۔ تحریری کاموں کے سلسلے میں پیش رفت بہتر رہے گی۔ گھر کو ازسرنو ترتیب دینا چاہتے ہیں تو اس وقت کھلے ذہن اور آرٹسٹک خیالات کو بروئے کار لاتے ہوئے اچھی پلاننگ کرسکیں گے۔ روزمرہ کے سفر بہتر رہیں گے۔ وسط ماہ کے بعد رجحانات اور خیالات تیزی سے تبدیل ہوجائیں گے۔ آپ کے اندر جوش و جذبہ بڑھ جائے گا۔ نئی پلاننگ اور حکمت عملی کریں۔ اپنے وقت کو قیمتی جانیں۔ محبت کے معاملات، اولاد سے متعلقہ تعلیمی سرگرمیوں میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ اس طرح منتشر خیالات، ذہنی دباؤ، چڑچڑاپن اور دردسری کو دور کرسکیں گے۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ خیالات اور سوچ میں تبدیلی امیدوں پر اثر انداز ہوگی۔ حصول مال کے لئے دوسرے ذرائع اپنانے کی کوشش کریں۔ ایسے لوگوں سے رابطہ کریں جو آپ کو روپیہ کمانے کے نئے راستے بتائیں۔ تاہم شریک زندگی کے ساتھ تعلقات میں کی بہتری پیدا ہوگی اور ناراضگی کو دور کرسکیں گے۔ دوسروں کے مشورہ پر عمل کرنے سے قبل پوری معلومات حاصل کریں۔ والدین کی جائیداد یا زمینداری کے کام میں قانونی مسائل کو حل کرسکنے کی پوری صلاحیت موجود ہوگی۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ بیرون ملک سرمایہ کاری، غیر ملکی کمپنی کے ساتھ تعلقات بڑھانے اور معاہدات کے لئے بہتر وقت ثابت ہوگا۔ جائیداد کے معاملات آسانی کے ساتھ طے پاجائیں گے۔ ان دنوں ہر قسم کی تعلیمی معلومات حاصل کریں۔ قانونی مشورہ، بینک سے قرضہ، گفت شنید یا کاغذات بنانے کے لئے بھی یہ وقت بہتر ہوگا۔ بیرون ملک یا دور دراز کا سفر بہتر رہے گا۔ ذہنی شعور اور تخلیقی رجحانات ہی قابلیت کو بڑھانے میں مدد دیں گی۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک زائچے کے پانچویں گھر میں رہے گا اس کے بعد چھٹے گھر میں داخل ہوگا۔ محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر و تفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کے لئے یہ وقت پر خوش ثابت ہوگا۔ زہرہ ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ لہٰذا اس دن اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں۔ محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی آئے گی۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایسے افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ اگر آپ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔ تاہم زہرہ ۶، ۲۰، ۲۸ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ ان دونوں انعامی اسکیموں میں روپیہ نہ لگائیں۔

۲۶ تاریخ شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت خاص طور پر کیریئر کے معاملات، جاہ طلبی، سرمایہ کاری کے امور اور معاہدات میں غیر معمولی التواء کا باعث بنے گا۔ اگرچہ پہلے سے کیے گئے کام پر عمل ہورہا ہوگا۔ تاہم کوئی غلط فہمی کام کو روک سکتی ہے۔ خاندانی افراد بھی جائیداد اور زمینوں کے حصول کے لئے دشمنی کریں گے۔ والدین اپنی پوزیشن کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔ لوگوں کے درمیان اپنا اعتماد قائم رکھنا بے حد ضروری ہوگا۔ انشورنس اور ٹیکس کے امور بھی توجہ طلب رہیں گے۔

مریخ زائچے کے نویں گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر یا قانونی اور آفیشل کاموں میں تیزی لائے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ذہنی اور جسمانی صلاحیتوں کی بہتر نشوونما کرسکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کررہے ہیں تو اپنی باقوت صلاحیتوں پر بھروسہ رکھا تو کامیابی حاصل ہوگی۔ تاہم ان دنوں اپنے غصہ پر قابو رکھنا ہوگا۔ تعمیری کام، ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ امور میں غیر ضروری التواء اور پریشانی آئے گی کچھ کام وقت زیادہ لیں گے۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کاموں کو مکمل کریں۔ قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ کرنا بہتر رہے گا۔ تاہم ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

اس ماہ سرطان سے متعلقہ زیادہ تر افراد کو کیریئر میں ترقی ہوگی یا انہیں بہتر ملازمت اور سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ اس ماہ قانونی معاملات بھی آپ کی موافقت میں ہونگے۔ وہ معاملات جو کافی عرصے سے پریشان کئے ہوئے تھے اب حل ہوتے محسوس ہونگے۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت تعلقات بڑھانے کے اہم مواقع حاصل ہوں گے۔ جس سے کام اور لین دین کے معاملات بہتر ہوجائیں گے۔ نئے خیالات جنم لیں گے۔ کاروبار کے لئے قرض لینا ہو یا کسی قانونی مسئلے کو حل کرنا چاہتا ہیں تو اس وقت متعلقہ لوگوں سے ملاقات کریں جو آپ کے لئے مددگار ہوں گے اور ان سے ہر طرح کا تعاون بھی ملے گا

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ کاروباری معاہدات اور روپے کے حصول کے لئے جن لوگوں سے ملاقات ہوگی ان سے فائدہ ہو گا۔ دوستوں کے حلقے میں نئے لوگوں کے ساتھ کاروباری تعلقات قائم کرنا ضروری ہوگا۔ کچھ ایسے لوگوں کے ساتھ ملاقات ہوگی جو آپ کے مقاصد کی تکمیل کے لئے مالی تعاون کریں گے۔ نئے کاروبار یا شراکتی بنیادوں پر قائم معاہدات سے مستقبل میں فائدہ ہوگا۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں رہے گا اس کے بعد پانچویں گھر میں داخل ہو گا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی افراد پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب ہو رہے تھے اور ان معاملات میں حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی رونما ہوئی ہے جس سے والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ پیدا ہوا ہے تو وسط ماہ کے بعد حالات بہتر ہوجائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کررہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ بچوں کے مستقبل کے لیے بانڈز یا ٹھنکیٹ کا حصول بہتر رہے گا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پاجائیں گے اور وہ افراد جو بچوں کی وجہ سے گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے آسانی رہے گی۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

عطارد ۷ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا اس کے بعد تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو چوتھے گھر میں آجائے گا۔ تحریری کام، نشرو اشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات میں اپنی مرضی کے مطابق تبدیلی لاسکیں گے۔ کام و کاروبار اور گھر کے معاملات کو بہتر کرسکیں گے۔ سفر زائد ہونگے۔ سفر جو بھی ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں حصہ لیں گے۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بھی آگے بڑھنا اور کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ سفر کے معاملات میں محتاط رہیں قانونی لین دین کے معاملے میں احتیاط رکھیں۔ ہر کام تحریری کریں۔ قریبی لوگ کاموں میں رکاوٹیں ڈالیں گے جس کی وجہ سے اہم معاملات کی طرف توجہ نہ دے سکیں گے۔ لوگوں سے ملنے اور گفت شنید کے ذریعے کام میں ذہنی تناؤ رہے گا۔ لوگوں کی خفیہ دشمنی کی وجہ سے کاروباری نقصانات ہونگے، زمین کی خرید وفروخت اور خاندانی جائیداد کے کاموں میں جھگڑا، خرابی تعلقات، روپے کا نقصان اور غلط اطلاع ملنے کی توقع ہے۔ قانونی مسائل کے لئے مشورہ ضرور لیں۔ صحت کی خرابی ہسپتال کے چکر لگوائے گی۔

مریخ زائچے کے آٹھویں گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے ساتھ مالی امور میں زائد دلچسپی لیں گے۔ یہ وقت ذہنی خرابی لاتا ہے۔ اپنی خواہشات کو پورا کرنے کا رجحان شدید ہوگا۔ طریقہ غلط انداز سے ہوگا۔ دوسروں کو تکلیف ملے گی۔ جو روپیہ ہاتھ آئے گا وہ جلد ہی نکل جائے گا۔ شریک زندگی سے جھگڑا ہونے کا امکانہے۔ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ کا مسلۂ زندگی اور موت سے جڑ جائے گا۔ ذہنی ٹینشن بہت ملے گی۔ غصہ، جھگڑا اور جلد بازی سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اپنی اہم چیزوں کا خیال رکھیں، گم یا چوری ہونے کا امکان ہے۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

برج اسد۔ستارہ شمس

حروف:- م

پیدائش:- جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ اپنے مستقبل کو بنانے کے لیے سفر موقع فراہم کرے گا۔ اس ماہ مذہبی مقامات کی زیارت کرنے کے لیے بھی سفر کریں گے۔ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی جو آپ کو خوشیاں دیں گی۔

مریخ طالع کے مقابل گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے جلد بازی سے نقصان ہوگا۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی ۔ اس ماہ تفریحی سرگرمیوں، سوشل زندگی اور سیروتفریح بھی زائد رہے گی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میدان کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونگے۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو کسی نوعیت کی مخالفت سے سابقہ پڑے گا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت اپنے خیالات کا اظہار برملا کریں۔ جن لوگوں کے ساتھ مخالفتیں چلی آرہی تھیں یا جہاں سے دشمنی شروع ہوئی تھی اس کی جڑ تک پہنچ جائیں گے۔ اس وقت اختلافی معاملے کو حل کرنے کی صلاحیت موجود ہوگی۔ اپنے اندر کی برائیوں کو نکالنے کے لئے اس وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ موجودہ بیماری یا جو تکلیف آئے گی وہ آپ کی اپنے رویہ اور عادت کی وجہ سے ابھرے گی۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ ایسے تمام معاملات جن میں لوگوں کی مہربانیاں شامل ہونگی وہ روزگار اور ترقی کے امور میں فائدہ مند ثابت ہونگی۔ کاروباری افراد اور جاننے والوں کے درمیان غلط قسم کا پروگنڈا کرنے کی بھی کوشش ناکام ہوگی۔ اگر فہم وفراست سے کام لیا اور اپنی صلاحیتوں کو استعمال کیا تو راستے آسان ہوجائیں گے۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران سیروتفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہوچکا ہے۔ یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ وسط ماہ کے بعد آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن وسکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد دے گا۔ اختلافات اور ایسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سیروتفریح کریں، کسی شادی میں شریک ہو یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں یہ وقت خوشگوار رہے گا۔

۲۶ تاریخ کو شمس وزحل کی تربیع ہوگی۔ معاہدات یا جائیداد کے ایسے امور جو لین دین یا خریداری سے متعلق ہیں اس میں سوچ سمجھ کر روپیہ لگائیں قانونی امور کو مدنظر رکھیں۔ اگر کسی جلد منافع دینے والی اسکیم میں روپیہ لگایا ہے تو منافع دیر میں ملے گا۔ اگر ایسی اسکیموں میں حصہ لینا چاہ رہے ہیں جو مستقل مالی فائدہ دے، تو ان سے متعلق معلومات حاصل کریں۔ خاندانی جائیداد کے سلسلے میں قریبی رشتہ داروں کے درمیان اختلافات جنم لے سکتے ہیں۔ ہر شخص اپنی برتری ظاہر کرے گا اور قبضہ کرنے کی کوشش کرے گا۔ اگر ایسا معاملہ درپیش ہو تو قانونی حل تلاش کرنے کی کوشش کریں۔

عطارد ۷ تاریخ تک طالع میں رہے گا اس کے بعد خانہ مال میں آجائے گا۔ ۲۴ تاریخ کو تیسرے گھر میں آجائے گا۔ چنانچہ عطارد کی موجودگی آپ کے لئے پرلطف اور سرگرم وقت لائے گی۔ اپنے آپ کو جسمانی اور ذہنی دونوں لحاظ سے غیر معمولی طور پر سرگرم اور چست محسوس کریں گے۔ وہ افراد جو حال ہی میں روزمرہ کے معمولات کی وجہ سے بندھ سے گئے تھے۔ وہ یقیناً حالات میں بہتری دیکھیں گے گھر سے باہر نکلنے اور گھومنے پھرنے، نئے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے اور نئی سرگرمیاں اختیار کرنے کے زائد مواقع میسر آئیں گے۔ وہ افراد جو اپنی صلاحیتوں یا تعلیم کو بہتر بنانا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ تاریخیں بے حد موافق ثابت ہونگی۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا نشر واشاعت، سفر، سیرو تفریح، تحریرات اور ذاتی مقاصد کی دلچسپیوں سے متعلقہ اہم معاملات میں مدد آور ہونگی۔ ان دنوں مسائل کو حل کرنا آسان ہوگا۔ تاہم عطارد ۲، ۱۲، ۲۵ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں، سفر، افواہیں اور غیر ضروری افراد آپ کا وقت ضائع کریں گے۔ ان دنوں ملاقاتیں یا پارٹیوں میں محتاط رویہ رکھیں۔

برج سنبلہ۔ ستارہ عطارد

حروف: ب۔ ع

پیدائش:- اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ زندگی میں ذاتی جائیداد اور میراث سے متعلق مصروفیات بڑھ جائیں گی۔ اس ماہ گھر بنانے کی کوشش کا آغاز بہتر رہے گا۔ سفر ہوگا جو زندگی میں تبدیلی کا باعث بنے گا۔

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہنے کے بعد طالع میں آجائے گا اور ۲۴ تاریخ کو دوسرے گھر میں آجائے گا۔ حاسدی افراد یا وہ افراد جو خفیہ طریقے سے آپ کو پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں ان کے ساتھ رابطہ اور گفت شنید کریں یا ان لوگوں کے ہاں جاکر ملاقات کرنا بہتر رہے گا۔ مطالعہ اور معلومات حاصل کرکے ذہنی اور جسمانی دونوں طرح بہتری لاسکیں گے۔ اگر آپ قانون کے شعبے سے منسلک ہیں تو ان دنوں اپنی بہترین صلاحیتوں کے ذریعے لوگوں کو فائدہ دیں۔ طالع میں موجودگی سے ذاتی کام اور

کاروباری مقاصد کو آگے بڑھا سکیں گے۔ مشکلات پر قابو پا سکیں گے۔ لوگ تعاون کا وعدہ کریں گے۔ ان دنوں نشر و اشاعت کے کام، پبلشنگ اور حسابات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ یہ وقت اہم تعلقات بنانے، کام کے حصول میں دوست آپ کے مددگار ہونگے جس کے لئے آپ پرامید ہونگے۔ یہ وقت اہم لوگوں سے تعاون حاصل کرنے، اپنے مقاصد کو پورا کرنے، قرضہ حاصل کرنے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اس سعد وقت میں ایسے لوگ مشورہ دیں گے تاکہ آپ سرمائے کو شراکتی بنیادوں پر لگا سکیں۔ اس سے متعلق معلومات اکٹھی کریں یا کسی پروفیشنل شخص سے مشورہ کریں۔ قانونی امور میں حائل مشکلات اب دور ہوتی ہوئی محسوس ہونگی۔ ان دنوں پوری توجہ کے ساتھ ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک خانہ مال میں رہے گا۔ اس کے بعد تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت مالی معاملات میں غیر معمولی ابتری لائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ وسط ماہ کے بعد اپنے آپ کو زیادہ محفوظ اور مستحکم حالت میں پائیں گے۔ یہ وقت خریداری کے لئے بہت موافق ثابت ہوگا۔ مالی معاملات کے لئے ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ وہ افراد جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا وہ جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جاہ طلب اور مہم جو ہیں تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ آپ کے خیالات اور سوچ میں تبدیلی کیریئر پر اثر انداز ہو گی۔ حصول مال کے لئے دوسرے ذرائع اپنانے کی کوشش کریں۔ ایسے لوگوں سے رابطہ کریں جو روپیہ کمانے کے نئے راستے بتائیں۔ دوسروں کے مشورہ پر عمل کرنے سے قبل پوری معلومات حاصل کریں۔ ملازمت کے حصول یا تبادلہ رکوانے کے لئے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ والدین کی جائیداد یا زمینداری کے کاموں میں قانونی معاملے حل کرنے میں دشواری پیش آئے گی۔

مریخ زائچے کے چھٹے گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی اور اب انہیں ماضی کی کوششوں کا اجر بھی ملے گا۔ آفسران آپ کے کام سے مطمئن ہیں تو ترقی یا مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے۔ کاروباری افراد کو اس وقت محتاط رہنا ہوگا جلد بازی میں سرمایہ کاری نہ کریں۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ ان کے لیے تسلی بخش نہ ہوگا۔ ان معاملات کے لئے ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

برج میزان۔ ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ ٹ۔ ر۔ ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

میزانی افراد اس ماہ دوستوں اور رشتہ داروں میں اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ کاروباری معاملات میں دشواری محسوس کریں گے۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک طالع میں موجود رہے گا۔ اس کے بعد خانہ مال میں داخل ہوگا۔ کاروبار اور ملازمت میں بہتری آئے گی۔ ان دنوں جو بھی شخص آپ کی زندگی میں آئے گا وہ مدد کرے گا۔ اور اس کی وجہ سے اپنے خیالات میں تبدیلی محسوس کریں گے۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک کاموں میں ملوث ہیں۔ انہیں وقت کی قدر کرنی چاہیے، اپنی لاپرواہی سے مالی اور گھریلو پریشانی کی وجہ بنتے ہیں۔ ذرا سی عدم توجہ ہی کام میں بگاڑ پیدا کر سکتی ہے۔ اپنی صلاحیتوں اور کام کے ذریعے لوگوں میں اہمیت اختیار کر جانے کی کوشش کریں۔ اسی طرح ذرائع آمدن میں بہتری کے امکانات موجود ہیں جسمیں کامیاب رہیں گے۔ ذہنی سکون کے لئے سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں اور اپنے ماحول کو خوبصورت اور آرام دہ بنانے کے لیے قیمتی اشیاء کی خریداری ذہنی سکون دے گی۔ زہرہ ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ کاروباری و مالی معاملات میں کچھ ایسے بھی موقع آئیں گے کہ جب دوسرے لوگ مدد کریں گے۔ دوست اور قریبی لوگوں کا تعاون ملے گا۔ ترقی اور تنخواہ الاؤنس سے متعلقہ معاملات میں پیش رفت ہوگی۔ ایسے افراد جو کاروبار یا ملازمت میں دوست ہیں ان پر اپنی گرفت مضبوط کریں۔ والدین کی صحت کے معاملات میں سوجھ سمجھ سے کام لیں

گے۔ دوستوں کے ساتھ نئی سرگرمیاں شروع کرنے کا موقع ملے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور شراکت داری کے معاملات بہتر رہیں گے۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ یہ وقت قانونی معاملات کو سلجھانے اور معاہدات کو قانونی شکل دینے کے لئے موثر ثابت ہوگا۔ دور دراز کے سفر خوشی دے گا۔ کاروباری امور کے لئے خط و کتابت میں بہتری سے واسطہ پڑے گا۔ بیرون ملک کسی اہم معاملے کو حل کرنے میں آسانی ہوگی۔ تعلیمی سرگرمیوں کے سلسلے میں آگے بڑھنا بہتر رہے گا۔ مطالعہ اور روحانی علوم کی طرف توجہ دینے سے عقل و شعور میں وسعت پیدا ہوگی۔

عطارد ۷ تاریخ تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہو گا۔ ۲۴ تاریخ کو طالع میں آجائے گا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدد آور اثرات مرتب کر رہا ہے۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ ڈالے گا۔ مشترکہ سرگرمیوں والے کام جو دوسروں کی مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے ان کے لیے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ ان کاموں کا اجر بھی ملے گا اور جوش و جذبہ بھی پیدا ہو گا۔ کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا۔ جن لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے۔ یہ لوگ آپ کے نقطہ نظر میں وسعت پیدا کریں گے۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر و تفریح، پارٹی، فنکشن، نشر و اشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ عطارد ۲، ۱۶، ۲۵ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ ایسے کام جو جائیداد یا زمین سے متعلق ہوں گے ان میں غیر متوقع تبدیلی دیکھیں گے۔ کسی دوست کے ساتھ مل کر شراکتی کاموں میں حصہ لے رہے ہیں تو جلد بہتری کی امید نہ رکھیں۔ اپنی خواہشات کو حد سے آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ بلکہ اپنے کام اور روزگار میں ہی رہتے ہوئے اسے مضبوط کریں۔

اس دن کے نزدیک اگر زمین یا مکان کی خریداری کر رہے ہیں تو کاغذات اور زمین سے متعلق صحیح معلومات کا حاصل کرنا ضروری ہوگا۔ ورنہ بعد میں پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ کچھ افراد آپ کی سوچ اور خیالات میں تبدیلی پیدا کریں گے اور تعلقات بھی ایسے لوگوں کے ساتھ بنیں گے جو غلط راستے پر ڈالیں گے۔

مریخ زائچے کے پانچویں گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں میں ٹھراؤ آئے گا۔ جس سے پریشانی میں اضافہ ہوگا۔ مریخ ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں۔ تاہم ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں۔ مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی امید پیدا کرے گا۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی و نسبت کے لئے مواقع لائے گا۔ یہ وقت ناپسندیدہ واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات جہاں خوش کن رہے گی وہاں دھوکہ و فریب بھی ملے گا یا کسی کی باتیں اذیت دیں گی۔ اس سلسلے میں ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں بھی لاسکتی ہیں۔ اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ز۔ض۔ظ۔ن

پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ شریک زندگی سے تعلقات میں اپنے غصہ کو قابو میں رکھیں۔ خواہشات کو قابو میں رکھیں۔ کاروباری معاملات و دیگر سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ کوئی بھی تبدیلی خوش کن ثابت ہوگی۔

مریخ زائچے کے چوتھے گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا اور مسائل کو سلجھانے میں سخت محنت کرنی پڑے گی۔ اس وقت گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہذا گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہرگز مول نہ لیں۔ چھوٹے بچوں پر خاص طور پر نگاہ رکھیں کیونکہ ان دنوں شرارت اور سرکشی اختیار کریں گے۔ مریخ گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنادے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت یا فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک و شبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ جاہ طلبی کے معاملات زیادہ وقت لیں گے۔ کاروباری اور شراکتی معاہدات موافق رہیں گے۔ زمین کی خریداری کے ذریعے سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لوگ ان دنوں آپ کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ روپیہ لگانے اور نئے ذرائع کے حصول کی کوشش فائدہ دیں گی۔ ان دنوں اچانک خوشیاں ملیں گی۔ گم ہوا مال یا ترکہ اچانک ملے گا۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ کاروباری شراکت داری کے امور اور روپے کے حسابات میں احتیاط رکھیں۔ جائیداد سے متعلق قانونی چارہ جوئی بہتر رہے گی۔ اس وقت صحت کی خرابی کی وجہ سے پریشانی آسکتی ہے جس پر قابو پاسکیں گے۔ روحانی علوم اور مطالعہ کی طرف توجہ دیں اپنے خیالات اور سوچ کو مثبت انداز سے اپنائیں۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک زائچے کے بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد طالع میں داخل ہوگا ۔ یہ وقت کاروباری امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔ اُن لوگوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائیں جو بزنس میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں۔ غیر ضروری اخراجات پر قابو پائیں۔ مالی اور کاروباری امور میں کچھ رکاوٹیں آئیں گی۔ اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں اور ساتھ ہی صحت کے معاملات کو بھی اہمیت دیں۔ یہ وقت کچھ نئے دوستوں کا اضافہ کرے گا یا پھر کسی پرانے دوست سے ملیں گے۔ ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہونگی وہ ذرائع آمدن کو بڑھانے اور نئے راستوں کو اپنانے کے لئے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ عملی طور پر اپنے کام میں بہتری لائیں گے۔ زہرہ ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ شراکتی امور اور خاندانی جائیداد سے متعلق جھگڑا ہو سکتا ہے۔ کسی شخص کے اچانک حادثہ کی وجہ سے پریشانی ملے گی اس ماہ سفر ہونگے لیکن وہ خوشی کا باعث نہ ہونگے۔ قانونی معاملات پریشانی کا سبب بنیں گے۔ ان دنوں اہم کاغذات اور روپے کی چوری یا گم ہونے کی صورت میں پریشانی بھی آسکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ کسی بھی کام میں بغیر سوچے سمجھے شمولیت اختیار نہ کریں نہ ہی اپنی رقم سے کسی نئے کاروبار میں حصہ لینے کی کوشش کریں۔

عطارد ۷ تاریخ تک وتد السماء پر رہے گا ۔اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہوگا اور ۲۴ تاریخ کو بارہویں گھر میں آجائے گا۔ بزنس سے متعلقہ معاملات اور رابطے میں بہتری ملے گی۔ ذرائع آمدورفت بھی بہتر رہیں گے۔ وہ افراد جو ملازمت کے حصول کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہیں لوگوں کی طرف سے مثبت جواب ملے گا۔ اگر آپ ان سے کام لینا چاہتے ہیں تو وسط ماہ کے بعد ان سے رابطہ کرنا بہتر رہے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ ذہنی وسعت اور شعور کو بڑھانے کے لئے ہر طرح کی سرگرمی میں حصہ لیں۔ دوستوں کے ساتھ سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ تحریری کام اور مشاغل میں وقت لگانا بہتر رہے گا۔ روزگار کے حصول اور اسے ترقی دینے کیلئے لوگوں سے رابطہ قائم کریں۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج قوس۔ستارہ مشتری

حروف:۔ ف

پیدائش:۔ نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

اس ماہ قوسی افراد شراکت داری کے معاملات میں تناؤ کا شکار رہیں گے۔ سفر اہم تبدیلی لائے گا۔ قانونی معاملات، ٹیکس اور انشورنس کے امور پر توجہ دیں۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک زائچے کے گیارہویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ دوست اور قریبی جاننے والے افراد آپ کے معاملات میں بے حد سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے۔ وہ سرگرمیاں جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔ زندگی میں اہم واقعات رونما ہونگے جو آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے۔ چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوسکتے ہیں۔ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول اور اچھے تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔ مندرجہ بالا تاریخیں محبت کی معاملات، ملنے ملانے، گفت شنید یا سیر وتفریح کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہو جائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہوگی ۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا شادی کی دعوت یا کوئی فنکشن کرنا چاہ رہے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ دوستوں کے ذریعے کام اور کاروباری معاملات کو بہتر بنا سکیں گے۔ کام آپ کی توقعات سے بڑھ کر ہوں گے۔ ایسی رقم جس کی وصولی نہیں ہو رہی تھی اچانک وہ رقم حاصل ہوگی۔ پرانے دوستوں سے اچانک ملاقات ہوگی۔ جو ہر ممکنہ طور پر مدد کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔ اہم بااثر افراد کا تعاون حاصل کرنے میں آسانی ملے گی۔ اپنی قابلیت بڑھانے کے لئے تعلیمی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں اور جو کچھ ہوسکے حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ معاہدات، سرمایہ کاری کے سلسلے میں رابطے بہتر رہیں گے۔ پیشہ وارانہ معاملات اور ملازمت میں ترقی اور لوگوں سے رجوع کرنے کے لئے بہتر وقت ہوگا۔ یہ وقت سسرالی رشتہ داروں اور گھر کے افراد کے درمیان اہم تعلق کی بنیاد رشتوں کو جوڑ دے گا۔ سفر خوشی دے گا۔

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد وتد السماء پر آموجود ہوگا اور ۲۴ تاریخ کو گیارہویں گھر میں آجائے گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط وکتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر کسی

معاملے سے متعلق گفت شنید میں شامل ہیں تو آپ کی باتوں پر توجہ دیں گے۔ کسی جگہ تقریر یا اظہار خیال کے لئے آپ کو مدعو کیا جائے گا۔ عطاردی نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گے اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دیں گے۔ تاہم اگر آپ ۲، ۱۶، ۲۵ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کر لیں اور دیگر قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ نہ لیں۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہو گی۔ شریک زندگی اور گھر والوں کے ساتھ جھگڑا ہو سکتا ہے چاہے وہ جائیداد یا روپے سے متعلق معاملات ہو۔ نئی رشتہ داری زیادہ دیر ٹھہر نہ سکے گی۔ شادی، نسبت کے کاموں میں رکاوٹ حائل ہو گی۔ صحیح رابطے نہ ہونے کے باعث اخراجات زائد اور نقصان بھی ہو گا۔ اگر زمین، مکان کی خریداری کر رہے ہیں تو تحریری معاہدات اور قانونی تقاضے پورے کرنے ضروری ہونگے ورنہ سودا ہونے کے بعد پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہو گا۔ اس کی موجودگی خاندانی رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں رکاوٹ سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ دار پریشانی کا باعث بنیں گے۔ بلکہ دوستوں کے ساتھ تعلقات میں تناؤ کی کیفیت رہے گی۔ محبت کے معاملات میں مشکلات آئیں گی۔ رشتہ ہو جانے کے باوجود خوشی نہ ہو گی۔ سوشل سرگرمیوں میں قریبی افراد سے مدد ملے گی۔ آپ ہر کام با صلاحیت طریقے سے کریں گے۔ پرانی غلطیوں کا ازالہ کریں گے۔ خرید و فرخت اور مکینکل اور مشینری کی خریداری یا کسی انعامی اسکیم میں حصہ لینا بہتر ثابت رہے گا۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما کریں۔ باقوت قدم اٹھانیسے خود اعتمادی میں اضافہ ہو گا۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہنا ہو گا۔

برج جدی۔ ستارہ زحل

حروف:۔ ج۔ خ۔ گ

پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

اس ماہ گھر کے معاملات میں سکون میسر آئے گا۔ والدین اور بچوں سے متعلق معاملات پر خاص توجہ دیں گے۔ کاروباری سرمایہ کاری میں یہ وقت ذہنی تناؤ لائے گا۔ بہت سے کام اور معاملات ٹھہراؤ کا شکار ہونگے۔

مریخ خانہ مال میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہو گا۔ یعنی کاروباری لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہو گی۔ حالات اس ماہ آپ کو بہترین سرمایہ کاری کرنے کا موقع دیں گے۔ روپیہ کمانے میں پوری مدد کرے گا۔ اخراجات کا بھاری بوجھ آئیں گے تاہم ان پر قابو پا سکیں گے۔ مکینکل اور ٹیکنیکل کام اس ماہ با آسانی ہو جایا کریں گے۔ اس ماہ دوستوں کے ساتھ بھرپور وقت گزاریں گے۔ اس ماہ لین دین اور حسابات میں غلطیاں ہونگی، اخراجات پر سے جلد غصہ آ جایا کرے گا۔ تحمل مزاجی سے کام لیں۔ کچھ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔ اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔ ان دنوں روپیہ کمانے کی دھن سوار ہو گی۔ مکینکل مشینری کی خریداری بہتر رہے گا۔ تاہم ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہو گی۔ قریبی شخص سے مالی فائدہ حاصل ہو گا۔ زندگی میں کسی نئے شخص کا اضافہ ہو گا۔ جس کی وجہ سے خوشیاں حاصل ہونگی۔ محبت کے معاملات ہوں یا شادی، نسبت کے ان امور کے لیے موافق رہے گا۔ زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے سے سوچ اور خیالات کے انداز کو تبدیل کر دے گا۔ دوست اس وقت بہت ساتھ دیں گے۔ خط یا خبر سے خوشی ملے گی۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہو گی۔ کاروباری مراسم بہتر ہو جائیں گے۔ بینک سے قرضہ لیں یا انعامی اسکیموں میں شامل ہونا چاہیں تو امید کی نئی کرن اجاگر ہو گی۔ کوئی شخص آپ کی زندگی میں اہم تبدیلی پیدا کرے گا جس کے تعاون سے نمایاں کامیابی حاصل کریں گے۔ معاہدات جو نئی تبدیلی لا سکیں اور معلومات جو تخلیقی عنصر کو بڑھا سکے، ایسے راستے اختیار کرنا بہتر رہے گا۔ روحانی علوم کا مطالعہ کریں اور ذہنی سکون حاصل کریں۔

عطارد ۷ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہو گا اور ۲۴ تاریخ کو دسویں گھر میں آ جائے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں اور دینوی مقاصد کی طرف رجحان رہے گا اس سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ وقت کاروباری گفت شنید یا قانونی پیچیدگیوں کو سلجھانے اور مشورہ کرنے کے لئے موافق ثابت ہو گا۔ اس ماہ خط و کتابت کرنا یا دور دراز علاقے یا بیرون ملک کاروباری یا تعلیمی نوعیت کا سفر، ہر طرح سے فائدہ مند ثابت ہو گا۔ شریک زندگی سے متعلقہ معاملات اور تحریری امور یا رابطے کئی طرح سے فائدہ دیں گے۔ وسط ماہ کے بعد لوگوں کے تعاون سے بہتر رہنمائی حاصل ہو گی۔ یہ وقت بہتر ملازمت حاصل کرنے کے سلسلے میں خط و کتابت یا دیگر الیکٹرونکس ذرائع استعمال کریں۔ والدین اور خاندان والوں کے ساتھ ہم آہنگی پائی جائے گی۔ عطارد ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہو گا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہو گی۔ مالی اور کاروباری پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ لوگ غیر ضروری اخراجات کروائیں گے۔ بلکہ رابطے نہ ہونے کے باعث مالی نقصان ہو گا۔ ملازمین

پروڈکشن نہ دیں گے اور مشینری کی خرابی نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔ اخراجات ذہنی ٹنشن اور ڈپریشن کا باعث بنے گا۔ صحت کی طرف پوری توجہ دیں۔ پیٹ اور جگر کے امراض مشکلات لا سکتے ہیں۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک وتد السماء پر موجود رہے گا۔ اس کے بعد گیارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ وہ افراد جو ملازمت کی تلاش میں ہیں یا اپنی دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں، تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب، گروپ، لائبریری، سوشل گروپ یا محفل میں شریک ہونا پڑے۔ اس قسم کی دلچسپیاں آپ کی زندگی میں بتدریج اہمیت اختیار کر جائیں گی۔

اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں یا آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت اپنی کوششوں کا آغاز کر دیں۔ رشتہ دار فائدہ دیں گے۔ دوستوں کے گھر والے بھی آپ کی مدد کریں گی۔

عطارد ۷ تاریخ تک طالع کے مقابل گھر میں رہے گا اور اس کے بعد آٹھویں گھر میں داخل ہوگا اور ۲۴ تاریخ کو نویں گھر میں آ جائے گا۔ اس دوران وہ دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا۔ لوگوں کے ساتھ رابطہ ہوگا اور محفلوں میں شرکت کر کے تعلقات میں اضافہ کریں۔ یہ وقت ذہن کو تروتازگی عطا کرے گا۔ کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے تعلقات قائم ہونگے، اہم معاہدات پر دستخط کریں اور نئے خیالات پر عمل کرنے کا موقع ملے گا۔ آٹھویں گھر میں داخلے کے بعد میراث اور ترکہ کے امور میں قانونی معاملات پر توجہ دیں۔ غلط فہمی کسی بھی معاملے میں التواء پیدا کرے گی۔ ان تمام معاملات کے لئے ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہو گی۔ اہم خطوط لکھنے، نشرواشاعت، سیروتفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاہدات کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی۔ تاہم ۲، ۱۶، ۲۵ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ خاندانی یا سسرالی لوگوں کی تقریب میں شرکت سے سوشل سرگرمیاں بڑھ جائیں گی۔ شریک زندگی کے ساتھ دور دراز کا سفر کریں گے تو خوشیاں بھی حاصل ہونگی۔ زندگی میں کسی شخص کی آمد سے خوشی آئے گی۔ یہ وقت شادی یا نسبت طے کرنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ دوست بڑھ چڑھ کر ساتھ دیں گے۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اس دن کے نزدیک آپ کا زیادہ تر وقت رشتہ داروں کے مطالبات کو پورا کرنے میں گزرے گا۔ تحریری کام، پبلشنگ، رسل و رسائل کے امور بھی فائدہ دیں گے۔ زائد اخراجات منافع کا باعث بنیں گے۔ کرنے پڑیں گے۔ نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں تو معاہدات کو تشکیل دیں ساتھ ہی معلومات اکٹھی کرنا بہتر رہیگا۔ ان دنوں قانونی مشورہ طلب کریں، باحیثیت افراد کا تعاون حاصل کریں، رشتہ داروں اور بھائیوں کا تعاون بھی کئی آسانی لائے گا۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک زائچے کے نویں گھر میں رہے گا۔ اس کے بعد دسویں گھر میں داخل ہو گا۔ چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری غرض سے ہو یا تفریحی نوعیت کا موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے بے حد موافق ثابت ہوگا۔ مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ آپ تعلیمی سرگرمیوں، کاروباری یا عمرہ کے سفر پر جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہو گا۔ زہرہ اس ماہ کی ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیروتفریح، محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی امور میں بھی یہ تاریخیں اہم ثابت ہونگی۔ آپ کے نزدیک اگر محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں تو یہ ماہ ان معاملات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ زہرہ ۶، ۲۰، ۲۸ تاریخ کو نحس نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں محتاط رہیں حکمت عملی سے کام لیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ بلا ارادہ ایسے کام کر بیٹھیں گے جس کی وجہ سے حسد اور رقابت کا سامنا ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہو گی۔ دوستوں کے ساتھ کسی بھی سرمایہ کاری یا شراکتی کاموں میں حصہ نہ لیں۔ آپ کے اندر خواہشات کے انبار ایسا کرنے پر مجبور کریں گے۔ صبر و تحمل سے کام لینا ہوگا۔ بڑی عمر کے افراد آپ کو صحیح گائیڈ نہیں کریں گے۔ ایسے وقت کو معلومات حاصل کرنے اور مشورہ طلب کرنے کی کوشش کریں۔

مریخ طالع میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ اس کی موجودگی ذہنی اور جسمانی طور پر قوت فراہم کرے گی۔ اس ماہ جن کاموں کی طرف توجہ دیں گے، وہ کام تکمیل کو پہنچ سکیں گے۔ اگر کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں تو بہتر پوزیشن حاصل کریں گے۔ ترقی کرنے کے مواقع ملیں گے۔ جہاں آپ ملازمت کر رہے ہیں وہاں بھی آپ کی بہترین صلاحیتوں کے عوض ترقی کے امکانات روشن ہونگے۔ تعمیری کاموں میں حصہ لینا یا ٹیکنیکل شعبے میں مہارت حاصل کرنا بہتری لائے گا۔ اس ماہ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لیں جس سے ذہنی قابلیت کو بڑھانے میں مدد ملے۔ مریخ ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو محتاط رہیں جب یہ غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ حادثہ یا جھگڑا ہونے کا اندیشہ ہے۔

برج حوت۔ستارہ مشتری، نپچون

حروف:- د۔چ



پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

اس ماہ مالیاتی امور میں فائدہ ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔اس ماہ اچانک بیرون ملک سے خوش خبری ملے گی یا بہت پرانا دوست ملے گا۔ جس کی مدد سے نئے کیریئر کا آغاز کریں گے۔

زہرہ ۱۰ تاریخ تک آٹھویں گھر میں رہے گا ۔اس کے بعد نویں گھر میں داخل ہوگا۔اس گھر تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ جائیداد بنانے کی طرف زیادہ توجہ دیں گے۔اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو زہرہ کے نویں گھر میں داخلے کے بعد جو فیصلہ کرنا ہو کریں۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت رکھتے ہیں امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا۔ حالات جو بھی ہوں بہرحال ۴، ۸، ۱۳، ۱۸، ۲۲ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ وہ افراد جن کی کسی وجہ سے شریک زندگی سے کچھ عرصے سے ناراضگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا امکان ہے۔ کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہو جائے گا۔اس قسم کی بات اس دن ہوسکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۷ تاریخ کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی۔ انعامی اسکیم میں جو روپیہ لگانے کا موقع ملے گا۔ کسی شخص کی آمد قسمت میں تبدیلی لائے گی۔ دوسروں کا روپیہ آپ کے اہم مقاصد کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔والدین کے جائیداد کی منتقلی میں آسانی ملے گی۔اس ماہ زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوگا۔ شادی یا نسبت طے ہو جائے گی۔ اولاد کے مستقبل کے تحفظ کے لئے زمین، مکان یا انعامی اسکیموں میں حصہ لے کر فائدہ اٹھاسکیں گے۔

۱۶ کو عطارد مشتری کی تسدیس ہوگی۔ سرمائے کو بہتر اسکیموں میں لگانے کا موافق وقت ہے۔اس میں کامیابی ملے گی۔ کام کو وسیع معاہدوں کے ذریعے ترقی دینے کے لیے قانونی مشورے حاصل کریں۔قریبی افراد یا رشتہ داروں سے تعاون حاصل کرسکیں گے۔ بااختیار افراد کے ساتھ شراکت داری بہتر رہے گی۔ مطالعہ اور معلومات حاصل کرکے ہی آگے بڑھنا زیادہ سودمند رہے گا۔ یہ وقت روحانی علوم کی طرف بھی راغبت دلائے گا۔

عطارد ۷ تاریخ تک زائچے کے چھٹے گھر میں رہے گا اور اس کے بعد طالع کے مقابل آجائے گا اور ۲۴ تاریخ کو آٹھویں گھر میں آجائے گا۔ اگر روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضع ہو جائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی۔ اس ماہ آپ مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں۔ اگر آپ نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے۔ معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔ وسط ماہ کے بعد رشتہ دار اور شریک زندگی کے ساتھ معاملات میں کچھ غلط فہمیاں نقصان دیں گی۔ بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں۔ ملازمت کی درخواستیں ارسال کرنے، انٹرویو دینے، معلومات حاصل کرنے اور کسی بھی نوعیت کے ذاتی کام کا آغاز کے لئے ۴، ۹، ۱۴، ۱۹، ۳۰ تاریخ کا وقت موافق ثابت ہوگا۔

۲۶ تاریخ کو شمس زحل کی تربیع ہوگی کیریئر کے معاملات میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ آپ کا ٹرانسفر کردیا جائے گا۔ یا کسی شخص کی وجہ سے آپ کا درجہ کم کردیا جائے گا۔لوگوں کے درمیان متنازعہ معاملات بڑے مسائل کی طرف اشارہ کررہے ہیں۔ اچانک صحت کی خرابی آئے گی۔ والدین میں سے کوئی متاثر ہوگا۔ رشتہ داری کے معاملات میں جائیداد کے حصول سے متعلق امور میں تلخ کلامی آسکتی ہے۔

مریخ زائچے کے بارہویں گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ یہ ماہ آپ کے اردگرد زبردست سرگرمی کا سبب بنے گا۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات معمولی نوعیت کی گھریلو تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۶، ۱۲، ۲۷ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔ تاہم ۲، ۱۰، ۱۵، ۲۰، ۲۵، ۳۰ تاریخیں پریشان کن قسم کے افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ اگر اندر ہی اندر جو خوف اور غلط فہمیاں پریشان کررہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کوائی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کررہے ہیں۔

آثار النجوم

جدید سائنٹفک نظریہ سے علم نجوم پر معرکتہ الآرا کتاب

قوانین نجوم کو سمجھانے کے لئے مثالی زائچے بھی دیئے گئے ہیں جس شخص کو زائچہ بنانے کی ابتدائی معلومات حاصل ہوں۔ وہ اس کتاب سے فائدہ اٹھاسکتا ہے

حصہ دوم

یہ علم نجوم کے سلسلہ کی دوسری کتاب ہے۔اس میں اس نظریہ کو آسان طریقہ سے بیان کیا گیا ہے جس سے زائچہ پیدائش سے حالات اخذ کئے جاتے ہیں۔ سو زائچے تشریحاً و سو مختلف طریقوں سے دیئے گئے ہیں

سفید کاغذ ○ عمدہ سرورق ○ صفحات ۱۵۲

قیمت: روپے۔محصول ڈاک علاوہ

اوراق پبلشرز

کراچی ۵

ماہ ستمبر کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکوا کبی گائیڈر ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۸ درجہ برج سنبلہ پر ہوگا۔ ۲۴ تاریخ کو برج میزان میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۶ درجہ برج میزان پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۲۱ درجہ برج اسد پر ہوگا۔ ۷ تاریخ کو برج سنبلہ میں داخل ہوگا۔ ۲۳ تاریخ کو برج میزان میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۱۳ درجہ برج میزان پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۲۳ درجہ برج میزان پر ہوگا۔ ۱۰ تاریخ کو برج عقرب میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۱۰ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۲۸ درجہ برج جدی پر ہوگا۔ ۱۱ تاریخ کو برج دلو میں داخل ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو ۵ درجہ برج دلو پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۱۷ درجہ برج عقرب پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۲۱ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۲ درجہ برج جدی پر بحالت رجعت ہوگا۔ ۷ تاریخ کو مستقیم ہوگا اور پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۳ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲ درجہ برج ثور پر ہوگا۔ اور پورا مہینہ اسی برج میں بحالت رجعت حرکت کرے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۱ درجہ برج ثور پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۵ درجہ برج حوت پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں بحالت رجعت حرکت کرے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۱۴ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۱۸ درجہ برج جدی پر بحالت رجعت ہوگا۔ ۳۰ تاریخ کو مستقیم ہو جائے گا۔ ۳۰ تاریخ کو ۱۸ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۴ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۲ درجہ برج دلو پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔

۶ کو یوم حضرت عمر فاروقؓ یوم دفاع، زحل مستقیم، عطارد در سنبلہ، ۹ کو زہرہ در عقرب، ۱۱ کو مریخ در دلو، وفات قائداعظمؒ نیا چاند ☾، ۱۲ کو یکم محرم ۱۴۴۰ھ، قمر در عقرب، ۱۳ کو شرف عطارد، ۲۰ کو نویں محرم، ۲۱ کو عاشورہ، ۲۲ کو عطارد در میزان، ۲۳ کو شمس در میزان ♎، ۲۷ کو شرف قمر ہوگا۔

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ ستمبر ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	علمی ہدایت ورہنمائی
				(ہفتہ ۱ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۰:۳۲	D*Ψ	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
ن	۱۴:۰۵	D□♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے، ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
س	۱۷:۱۴	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے، کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
				(اتوار ۲ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۰۶	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
س	۱۰:۵۵	D△♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
				(پیر ۳ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۷:۳۶	D□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
ن	۱۵:۴۱	D□Ψ	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
س	۱۷:۵۷	☿*♀	عطارد تسدیس زہرہ	تعلقات بنانے کا اہم موقع، ایک دوسرے سے اظہار خیال ہی تمام نفرت دور کرسکتا ہے۔
				(منگل ۴ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۰:۲۶	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت، سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
س	۱۱:۳۶	D*☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں، قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے، سفری امور بھی بہتر۔
س	۲۰:۵۱	D*♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۲۱:۲۱	D☍♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں، خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہوجائیگا۔
				(بدھ ۵ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۴:۳۰	D*☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
س	۱۸:۲۶	D△Ψ	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
س	۲۲:۵۴	D△♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں، کسی بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں، قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت۔
				(جمعرات ۶ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۴۰	D☍♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی اور اکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
ن	۱۵:۱۹	D□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
ن	۱۷:۴۲	D☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر ومشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں، جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
ن	۲۲:۲۹	D□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا، کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(جمعہ ۷ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱۲:۳۹	☿△♅	عطارد تثلیث یورنس	نئے لوگوں سے واسطہ پڑے گا ذہنی اور جسمانی طور پر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا بہتر وقت۔
س	۱۷:۱۹	☿△♄	عطارد تثلیث زحل	جائیداد اور زمینداری کے کاموں میں بہتری ملے گی۔ معاہدات کے لئے بہتر وقت۔
ن	۲۳:۳۵	☉☍Ψ	شمس مقابلہ نپ چون	قانونی معاملات کے لئے تجربہ کار افراد سے مشورہ بہتر رہے گا، لمبی مدت کے کاموں میں حصہ لیں
				(ہفتہ ۸ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۲۰	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین، بینک، قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں، کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔

س	۱۸:۳۰	D*♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
س	۲۲:۵۷	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۲۳:۳۵	D△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں' رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
				(اتوار ۹ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۳۸	♀□♂	زہرہ تربیع مریخ	رقابت بہت بڑھ جائے گی۔مخالف جنس میں کشش بڑھ جائے گی۔ ذہنی بے سکونی رہے گی۔
م	۳:۵۳	D♂☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں' تحریر وتقریر کے لئے موافق۔
ن	۱۹:۴۸	D☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر رویے پر پڑے گا' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
ن	۲۳:۰۱	D♂☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
				(پیر ۱۰ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱:۲۲	D*♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
س	۲:۰۲	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
س	۲۰:۱۱	D△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
				(منگل ۱۱ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۰۰:۳۳	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۱۷:۰۹	☉*♃	شمس تسدیس مشتری	کسی بڑے معاہدے پر کام ملنے کی توقع ہے۔کسی بھی موقع کو ہاتھ سے جانے نہ دیں۔
س	۲۰:۲۶	☉△♇	شمس تثلیث پلوٹو	باہمی مفاد واشتراک کے کاموں میں نفع حاصل ہوگا' اہم کام سرانجام پاسکتے ہیں۔
				(بدھ ۱۲ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۵۷	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
س	۱۲:۲۸	♃*♇	مشتری تسدیس پلوٹو	مالی وکاروباری نقطہ نگاہ سے معاہدات وقانونی مفادات آپ کے حق میں بہتر رہیں گے۔
ن	۱۳:۵۹	♀☍♅	زہرہ مقابلہ یورنس	تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار کسی نئی ایجاد کی بنیاد رکھے گا۔تاہم اپنے جذبات کو منفی خواہشات سے دور رکھیں۔
ن	۲۳:۵۱	D□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی' تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
				(جمعرات ۱۳ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۵۰	D☍♅	قمر مقابلہ یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
م	۳:۳۰	D♂♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہوسکتی ہیں۔
س	۳:۴۶	D*♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
س	۸:۵۶	♀*♄	زہرہ تسدیس زحل	زمین اور مکان کے حصول اور کاروباری مشورے حاصل کرنے کا بہتر وقت۔
				(جمعہ ۱۴ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۱:۰۱	D*☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
س	۱:۵۰	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
ن	۶:۳۵	☿☍♆	عطارد مقابلہ نپ چون	منفی اور ذہنی پراگندگی اس وقت غلط رجحان کی طرف لے جائے گی' مثبت سوچ رکھیں۔
س	۸:۵۷	D*♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔
م	۹:۳۲	D♂♃	قمر قران مشتری	جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔کسی نیک کام میں حصہ لیں۔
س	۱۳:۵۳	D*☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔
				(ہفتہ ۱۵ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۷:۲۲	D*♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔

				(اتوار ۱۶ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۷:۵۰	☿△♀	عطارد تثلیث پلوٹو	غیر معمولی محنت ناقابل یقین کامیابی سے ہمکنار کرسکتی ہے، رسم ورواج میں تبدیلی آسکتی ہے۔
ن	۱۰:۱۲	☽□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا، خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں، دھوکہ ہوگا۔
س	۱۶:۵۰	☿✶♃	عطارد تسدیس مشتری	اہم معاہدات کی تشکیل، بینک سے قرضے کے حصول، انشورنس اور ٹیکس سے متعلقہ معاملے کے لئے موافق وقت۔
ن	۱۹:۴۷	☽□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
				(پیر ۱۷ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۱۴	☽□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
س	۱۹:۵۶	☽△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۲۱:۲۴	☽☌♄	قمر قران زحل	اتفاقی تبدیلی آئے گی، جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
				(منگل ۱۸ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۳:۰۲	☽✶♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے، تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
س	۲۱:۵۴	☽✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
				(بدھ ۱۹ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۵۶	☌□♅	مریخ تربیع یورنس	کسی کے ساتھ شراکت داری نہ کریں، معمولی بات جھگڑے کا باعث بنے گی۔
م	۶:۰۲	☽☌♇	قمر قران پلوٹو	کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔
س	۸:۲۴	☽✶♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی، اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
س	۱۹:۱۹	☽△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
س	۲۲:۰۹	☽△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
				(جمعرات ۲۰ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۸:۳۴	☽□♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی، مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
س	۹:۲۲	☽☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں، اہم فیصلے کریں، تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
ن	۱۸:۴۵	☽□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی، تاہم تنقید زیادہ ہوگی، روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
				(جمعہ ۲۱ ستمبر ۲۰۱۸ء)
م	۶:۵۱	☿☌☉	عطارد قران شمس	اہم معاہدات کی تشکیل اور اہم فیصلہ ہونے کی امید، ٹھوس بنیادوں پر اظہار خیال دوسروں کو متاثر کرے گا۔
ن	۲۲:۱۲	☽□♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
				(ہفتہ ۲۲ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۲۰:۵۵	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۲۲:۵۵	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی، دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
				(اتوار ۲۳ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۹:۲۱	☽△♀	قمر تثلیث زہرہ	ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔ خوشیاں اور سیر وتفریح کے لئے وقت نکالیں۔
ن	۲۱:۴۵	☿□♄	عطارد تربیع زحل	اہم کاروباری سرگرمیاں کے لئے ناموافق، لین دین اور فیصلے مضبوط بنیاد قائم نہ رہ سکیں گے۔
م	۲۲:۲۲	☽☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
				(پیر ۲۴ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۶:۲۳	☽✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کریں، تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں سے فائدہ۔
س	۶:۲۹	☿△♂	عطارد تثلیث مریخ	کسی اہم معاملہ کی طرف توجہ دیں، فیصلہ کن اقدام کرنے کا موقع، ہمی خیالات کا تناؤ موافق ثابت ہوگا۔
س	۱۰:۲۵	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی، اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔

				(منگل ۲۵ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۷:۵۱	D☌☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
ن	۹:۲۶	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
س	۱۱:۲۲	D✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
ن	۱۵:۱۱	D☌☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
				(بدھ ۲۶ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۴:۴۹	☉□♄	شمس تربیع زحل	اہم معاہدات اور خاندانی تعلقات میں اختلاف بڑھ جائے گا' الگ ہونے یا رشتہ ٹوٹنے کا اندیشہ ہے۔
ن	۱۵:۲۷	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(جمعرات ۲۷ ستمبر ۲۰۱۸ء)
م	۱۵:۱۰	D☍♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
س	۱۷:۳۴	D△♄	قمر تثلیث زحل	روحانی علوم کے حصول کی کوششیں بہتر ہوگی' کسی بڑے کی نصیحت پر ضرور عمل کریں۔
ن	۲۰:۴۹	D□♂	قمر تربیع مریخ	یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔
				(جمعہ ۲۸ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۴:۳۴	☉△♂	شمس تثلیث مریخ	یہ وقت اہم مالی و کاروباری معاملات کے لئے سودمند ثابت ہوگا۔
ن	۶:۰۱	D☌♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
س	۱۴:۴۲	D✶♆	قمر تسدیس نپ چون	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۲۲:۱۹	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم و رواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
				(ہفتہ ۲۹ ستمبر ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۳۵	D□♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے' ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
				(اتوار ۳۰ ستمبر ۲۰۱۸ء)
س	۴:۱۵	D△♂	قمر تثلیث مریخ	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۶:۳۳	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
ن	۱۹:۵۸	D□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید و فروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
س	۲۰:۳۷	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور ساجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ' لیڈری' شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔

۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔

۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سریع التاثیر ہے۔

۴۔ ذرائع آمدن' سرمایہ کاری' گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ' ڈالر' پاونڈ' یورو' لاٹری' بانڈز و شیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔

۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔

۶۔ قلبی امراض' وجع المفاصل (گٹھیا)' دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

علم النفس

خاص خاص اوقات کے امراض کا بغیر دوا علاج

بعض اشخاص کو کوئی خاص مرض کسی خاص وقت میں ہوتا ہے- اس خاص وقت کے علاوہ تندرست ہوتے ہیں- مثلاً کسی کو بخار یا لرزہ دن کے کسی خاص وقت میں آتا ہے یا دردسر کسی خاص وقت میں ہوتا ہے جس طرح درد شقیقہ ہے کہ عروج آفتاب تک تیز ہوتا ہے اور زوال آفتاب کے ساتھ ساتھ منزل ہوتا جاتا ہے- یا بعض اصحاب کو کسی وقت اور دن معینہ پر تپ یا لرزہ آتا ہے یا بعض اشخاص کو کسی خاص چیز کھانے سے خاص تکلیف ہوجاتی ہے-

ایسے امراض کا علاج طب سے بھی کیا جاتا ہے اور بعض اوقات ایک حد تک مفید بھی ہوتا ہے- تعویذ گنڈوں سے بھی علاج کیا جاتا ہے اور یہ بھی ایک حد تک مفید ہوتا ہے- لیکن آپ اصل مرض اور اس کا علاج دریافت کریں تو میں جس علاج کو ترجیح دوں گا- وہ سانس کے ذریعے علاج ہے-

طب کا علاج جڑی بوٹیوں سے ہے- عملیات کا علاج سیارگان سے متعلق ہے- حکیم مطلق نے ہر جڑی بوٹی کا تعلق کسی نہ کسی ستارے سے رکھا ہے- یہی وجہ ہے کہ کوئی دوا کسی کو مفید اور کسی کو مضر ہوتی ہے یا بعض اوقات مفید اور بعض اوقات مضر ہوتی ہے یا عملیات کسی کو مضر اور کسی کو مفید ہوتے ہیں یا کبھی مفید اور کبھی مضر ہوتے ہیں دوا ہو یا عملیات سب ہی سیارگان کے اثرات کام کرتے ہیں- ہمارا سانس بھی انہیں اثرات سے متاثر ہوتا ہے-

بہر حال جن اصحاب کو کسی خاص مرض کا دورہ خاص وقت میں ہوتا ہو تو علم النفس سے خود ہی علاج کرلیں اس کی ترکیب یہ ہے کہ جب مرض کا دورہ پے تو معلوم کرو کہ اس وقت ناک کے کس نتھنے سے سانس چل رہا ہے جب دوسری دفعہ دوسرے کا وقت آئے تو دورہ سے قبل اس نتھنے کو روئی سے بند کردو اور دوسرے نتھنے سے سانس لو چونکہ جاری نتھنا آپ نے بند کردیا ہے- اس لئے ابتداء میں ہوا رک رک کر اندر جائے گی- مگر تھوڑے ہی وقفہ کے بعد سانس بآسانی اندر جانے لگے گی بس سانس تبدیل کرنے سے دورہ موقوف ہوجائے گا- اگر ایک دفعہ ایسا نہ ہو تو اگلی دفعہ پھر سانس کا رخ بدل دو- بعض اوقات دورہ میں کمی ہوتی ہے بالکل موقوف نہیں ہوتا لیکن چند بار ہی عمل کرنے سے دورہ بند ہوجاتا ہے اور صحت کامل ہوجاتی ہے دورہ آنے سے تقریباً آدھ گھنٹہ پہلے سانس بدل دو-

اسی طرح جس شے کا کھانا تم کو مضر ہوتا ہے تو اس چیز کو استعمال کرو- مگر کھانے سے قبل دیکھ لو کہ کسی نتھنے سے سانس چل رہا ہے- اب اس شے کے اثر کو دیکھو- اگر اس نے نقصان کیا ہے تو آئندہ جب وہ چیز کھاؤ تو سانس بدل لو- ہرگز نقصان نہ ہوگا- بلکہ نقصان کی بجائے فائدہ ہوگا-

یاد رکھیں کہ ہمارا سانس ہر گھنٹہ بعد تبدیل ہوتا رہتا ہے ایک سردرو ہوتی ہے ایک گرم رو ہوتی ہے- اس سانس کو خود تبدیل کیا جاسکتا ہے- جس نتھنے کو کھولنا مقصود ہو تو مخالف نتھنے کو روئی سے بند کردو- دوسرا نتھنا جاری ہوجائے گا- اگر روئی نہ ملے تو جاری سانس کے کروٹ کے بل لیٹ جاؤ- ہاتھ سے نتھنا بند کردو- چند سیکنڈ میں سانس تبدیل ہوجائے گا-

دورحاضر کی حیرت انگیز کتاب

الساعات (حصہ اول)

وقت دیکھ کر حالات معلوم کرنا

دن اور رات کے گزرنے والے لمحات میں جب ضرورت پڑے آپ اپنی گھڑی دیکھیں- وقت نوٹ کریں اور اسی تاریخ میں اس ساعت کو کتاب میں تلاش کریں یہ ساعت آپ کے مقصد کا جواب دے گی- الساعات ہونے والے نقصانات اور منافع سے ہر دم آگاہ کرے گی- وقتکا یہ حساب ایک باقسمت اور کامیاب زندگی گزارنے میں مدد دے گا-

مختصر فہرست مضامین

وقت اور کام کا تعلق	سیارگاں کے احکامات و اثرات
سیاروں کے اثرات	واقعات کیسے بدل سکتے ہیں
دنوں کے ناموں کا تعین	اعداد و علم الساعات
دنوں کی ترتیب	ریس کے قوانین
ستاروں کی روزانہ تقسیم	صحت کے خطرات
ساعتوں کی منسوبات	ضمیر کا حال معلوم کرنا
یہ شخص کیا کام کرتا ہے	نومولود کے حالات
کون سا کاروبار مفید ہے	حاملہ کیا جنے گی
روپیہ آئے گا یا نہ	صدقات
شرکت کیسی رہے گی	اسم حاجت
سفر کیسا رہے گا	ساعت کے ۵۲ نقشے
محبت و دوستی کا انجام	مقامی وقت کیا ہے
مددگار اور مفید لوگ	یہ کام ہوگا یا نہ ہوگا
کاروبار کیلئے مفید وقت	جدول عملیات دن رات
کامیابی کیلئے صحیح لائحہ عمل	فہرست تفاوت وقت

کاغذ' طباعت' کتابت' دیدہ زیب

قیمت =/۴۵۰ روپے علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

حضرت کاش البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات' اسماء' موکلات' دعوات	قیمت : ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح' علم تکسیر' علم الاعداد	قیمت : ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی' اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت : ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت : ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال' اسماء' عزیمتیں' طلسم	قیمت : ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر' شرفات کواکب' اسمائے الٰہی' جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت : ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات' نظریات نام کے اعداد سے قسمت' غیبی نمبر	قیمت : ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت : ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت : ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات' برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت : ۴۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت : ۲۰۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت : ۲۰۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت : ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات' مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت : ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ' کردار' شادی' روپیہ' تعلیم' پیشہ	قیمت : ۴۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت : ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت : ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت : ۲۰۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش' تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت : ۳۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت : ۲۰۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت : ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں' ہر شخص کے حالات' گرہن' سفر' سعد و نحس اوقات' کلینڈر	قیمت : ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری' قمر سے متعلقہ کام' نظرات' ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت : ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت : ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہر و گاؤں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہر و گاؤں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت : ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں' گرھن' رجعت و استقامت' اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت : ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات' نظرات' ستاروں کی رفتاریں' گرہن' منازل قمر' کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت : ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت : ۳۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاش البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت : ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا' پی آئی بی کالونی' کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا

برنی اٹلس آف پاکستان
پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروں گاؤں کے نام
شہر کا طول بلد اور عرض بلد
ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
منطقہ وقت
گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں
دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق
PUNJAB
BALOCHISTAN
اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی
تحریر و ترتیب: حارث عثمانی

پتھروں کا سحر
آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے
درجہ اول درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی
پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2019 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف، ہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2019 حاصل کریں یا قریبی ہاکر سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=-/۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز ابراہیم مارکیٹ پی آئی بی کالونی کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰

استخراج طالع
نقشہ تحویلات سیارگان
ستاروں کے سعد ونحس اثرات
نقشہ تفاوت وقت
اسٹینڈرٹائم
بروج طالع اور کواکب
نظرات کے اثرات
کواکب کا سعد ونحس اثر
بارہ ماہ کے نظرات
مدت اثرات کواکب
تحویل آفتاب
سیارگان کے مراتب کے اثرات
اختیارات قمر
زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
ساعات سیارگاں
چاند اور سورج گرہن کے اوقات
قمری حرکات
تعطیلات وتہوار
منسوبات کواکب
عملیات کے اوقات
طلوع وغروب وقت
نیا چاند
منازل قمر